باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ

ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث

ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی

منیجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک


جلد:24 | ہفتہ 26 جمادی الاوّل 1448ھ 07 نومبر 2026ء | شمارہ:229

https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حالا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔



وزیرِ اعظم کی برآمدات میں اضافے کیلئے ٹیکسٹائل پالیسی 2026ء کی منظوری

برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں میں تیار کردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، جدید خطور پر استوار ٹی ڈی اے پی اسکی راہ ہموار کرے گا زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکوسسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی

اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، مشیر وزیرِ اعظم ہارون اختر، وزیرِ مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے پاکستانی برآمدات کے فروغ، پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار سمیت مقامی صنعتوں کو برآمدی معیار سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی منظوری دے دی۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت ٹی ڈی اے پی کی کارکردگی اور اصلاحات کے حوالے سے جائزہ اجلاس آج اسلام آباد میں منعقد ہوا جس میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

اہم خبر



نیٹلی بیکر کی جمیل احمد سے ملاقات

پاک امریکا تجارتی روابط مضبوط

امریکی ناظم الامور نے اس موقع پر گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو کے کنٹری جنرل مینیجر کاشف الحق نے دونوں اداروں کی مشترکہ انجینئرنگ کاوشوں کو سراہا، امریکہ پاکستان کے ساتھ اپنی دیرینہ تجارتی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

امریکی ٹیکنالوجی ادارے سسکو کے تعاون سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ پاکستان کے اہم مالیاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے منصوبے کے تحت محفوظ، جدید اور لچکدار ڈیٹا سینٹر قائم کیا گیا ہے



کراچی: امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر کا اسٹیٹ بینک کے دورے کے موقع پر گورنر جمیل احمد اور دیگر حکام کے ہمراہ گروپ فوٹو

کراچی (علیم نواب خان سے) امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں جدید کثیر المالیاتی سسکونیٹ ورک اور سافٹ ویئر پر مبنی ڈیٹا سینٹر کی کامیاب تنصیب کا خیر مقدم کیا ہے۔ اس سلسلے میں امریکی ناظم الامور نے گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو سسٹمز پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے ہمراہ اسٹیٹ بینک کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا، جہاں نئے مرکزی بینکاری نیٹ ورک کی تنصیب کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں جدید کثیر المالیاتی سسکونیٹ ورک اور سافٹ ویئر پر مبنی ڈیٹا سینٹر کی کامیاب تنصیب کا خیر مقدم کیا گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو سسٹمز پاکستان کی اعلیٰ قیادت کے ہمراہ اسٹیٹ بینک کے مرکزی دفتر کا دورہ کیا

امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے اس موقع پر گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو کے کنٹری جنرل مینیجر کاشف الحق نے دونوں اداروں کی مشترکہ انجینئرنگ کاوشوں کو سراہا، امریکہ پاکستان کے ساتھ اپنی دیرینہ تجارتی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

امریکی ٹیکنالوجی ادارے سسکو کے تعاون سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ پاکستان کے اہم مالیاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے منصوبے کے تحت محفوظ، جدید اور لچکدار ڈیٹا سینٹر قائم کیا گیا ہے

سی ویو پر ڈبل کیبن گاڑی کی ٹکر سے نوجوان جاں بحق، 2 زخمی

کراچی (این این آئی) سی ویو کے قریب درخشاں پولیس چوکی کے مقام پر ڈبل کیبن گاڑی کی موٹر سائیکل کو ٹکر سے ایک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

منشیات فروش سے مبینہ رابطہ، ایس ایچ او پاک کالونی کے خلاف انکوائری کا حکم

کراچی (این این آئی) منشیات فروش کے ساتھ مبینہ طور پر غیر مجاز اور سمجھوتہ آمیز گفتگو کی آڈیو ریکارڈنگ سامنے آنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

کراچی سینٹرل جیل میں کرنٹ لگنے سے سزائے موت کا قیدی ہلاک

کراچی (این این آئی) سینٹرل جیل کراچی کی ایک بیرک میں کرنٹ لگنے سے سزائے موت کا قیدی امجد ہلاک ہوگیا۔ جیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

انٹر بورڈ کراچی شر پسند عناصر کی آماجگاہ بن گیا ہے، اسلامی جمعیت طلبہ

گورنمنٹ سٹی کالج پر حملے، طالبات سے مبینہ بدسلوکی اور نقل مافیا کی سرگرمیوں پر تشویش کا اظہار

کراچی (این این آئی) اسلامی جمعیت طلبہ کراچی نے انٹر بورڈ میں احتجاج کرنے والی طالبات کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے، طلبہ پر تشدد اور گورنمنٹ سٹی کالج پر حملے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

کراچی کے نوجوانوں کی بھی نئے انتظامی یونٹس کے قیام کی حمایت

موجودہ نظام سے مایوسی، چھوٹے صوبوں کا قیام ناگزیر قرار، مقامی آبادی کو انتظامی اختیارات دینے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) ملک کے دیگر شہروں کی طرح کراچی کے نوجوانوں نے بھی نئے انتظامی یونٹس اور چھوٹے صوبوں کے قیام کی حمایت کرتے ہوئے اسے وقت کی ضرورت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

سولجر بازار میں گاڑی پر فائرنگ، آغا رحیم جعفری سمیت 2 افراد زخمی

مجلس سے واپسی پر پارکی کالونی کے قریب نشانہ بنایا گیا، پولیس نے جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے چار خول برآمد کرلیے

کراچی (این این آئی) سولجر بازار میں ہولی فیملی اسپتال کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے ایک گاڑی پر فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں تنظیم عزادار پاکستان کے چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

آڈٹ میں بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں سنگین بے ضابطگیوں اور خامیوں کی نشاندہی

لاہور (بزنس رپورٹر) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی مالی سال 2025-2024 سے متعلق بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کی آڈٹ رپورٹ میں مستحقین کے انتخاب، مالیاتی نظم ونسق، تعلیمی وظائف اور سرکاری رقوم کے استعمال میں متعدد سنگین بے ضابطگیوں اور انتظامی خامیوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

بلاول کی گڑھی خدا بخش میں شہدائے جمہوریت کے مزارات پر حاضری

سید مراد علی شاہ، نثار کھوڑو، خورشید جونیجو، سہیل انور سیال بھی ہمراہ موجود، فاتحہ خوانی و خراج عقیدت پیش

لاڑکانہ (نمائندہ قوم کی آواز) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی گڑھی خدا بخش میں شہدائے جمہوریت کے مزارات پر حاضری۔ لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے مزار پر فاتحہ خوانی کی۔ لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے دختر مشرق شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے مزار پر پھول چڑھائے اور فاتحہ پڑھی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

مرتضیٰ وہاب کراچی کے جعلی اور قبضہ میئر ہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

پیپلز پارٹی کا پورا نظام فراڈ ہے، سرکاری اسکولوں کو معیاری تعلیم کا مرکز بنائیں گے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ کراچی کے میئر مرتضیٰ وہاب جعلی اور قبضہ میئر ہیں، جبکہ پیپلز پارٹی کا پورا نظام ایک فراڈ ہے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

میٹا نے پی ٹی اے کی درخواست پر ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کردیے

کراچی (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی درخواست پر میٹا نے ری سائیکل موبائل نمبرز پر رجسٹرڈ ایک لاکھ 76 ہزار واٹس ایپ اکاؤنٹس بند کردیے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

پاکستان کا بیرونی قرض 10 سال میں تقریباً دگنا ہوکر 135 ارب ڈالر سے تجاوز کرگیا

کراچی (این این آئی) گزشتہ 10 سال کے دوران پاکستان کا بیرونی قرض تقریباً دگنا ہوکر 135 ارب 10 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا ہے، جبکہ چین پاکستان کا سب سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

سندھ میں ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر و بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت

ضلعی کمپلیکسز کے ڈیزائن حتمی، ساحلی علاقوں میں ایمرجنسی سینٹرز بھی قائم ہوں گے

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ فشریز سندھ محمد علی ملکانی کی زیر صدارت محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ فشریز کے دفتر کراچی میں اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبے بھر میں ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر اور بحالی کے منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی سطح پر ویٹرنری کمپلیکسز کی تعمیر کے لیے پیش کیے گئے ڈیزائنز کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد انہیں حتمی شکل دے دی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پارلیمنٹ اور کاروباری اداروں کے درمیان موثر رابطہ معاشی مسائل حل ہونگے، یوسف رضا گیلانی

لاہور چیمبر کے صدر علی حسام کا کاروبار سے متعلق قوانین کا جائزہ لینے، ریگولیٹری مسائل حل کرنے، کاروبار دوست ماحول کیلئے کردار ادا کرنے پر زور

سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی، نائب صدر چوہدری خادم حسین، سابق صدر مصباح الرحمان موجود چیئرمین سینیٹ کا لاہور چیمبر کا دورہ

لاہور (بزنس رپورٹر) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ کاروباری طبقے کے مسائل اور تجاویز کو پالیسی سازی کے عمل میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پارلیمنٹ اور کاروباری اداروں کے درمیان موثر رابطہ معاشی مسائل کے حل اور بہتر قانون سازی میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ لاہور چیمبر کے صدر علی حسام کا کاروبار سے متعلق قوانین کا جائزہ لینے، ریگولیٹری مسائل حل کرنے، کاروبار دوست ماحول (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)



لاہور: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مختص فنڈز دوسری مد میں خرچ نہیں کیے جاسکتے، سندھ ہائی کورٹ

وفاقی اردو یونیورسٹی کے شیخ الجامعہ ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری کا مؤقف درست تسلیم

حکومت، وزارت تعلیم اور ایچ ای سی کو فریق بنانے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی کے شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری کے اصولی مؤقف کو درست تسلیم کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ کسی مخصوص مد کے لیے مختص فنڈز دوسری مد میں استعمال نہیں کیے جاسکتے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، سندھ ہائیکورٹ نے کے الیکٹرک سے رپورٹ طلب کرلی

وکلا کی درخواست پر سماعت، بجلی کی بندش سے عدالتی امور متاثر ہونے کا مؤقف

کے الیکٹرک نے فیڈر تبدیل کرنے اور لوڈشیڈنگ ختم کرنے کی یقین دہانی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ نے اسد چیمبرز میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف وکلا کی درخواست پر کے الیکٹرک سے تحریری رپورٹ طلب کرلی۔ ہائیکورٹ میں درخواست کی سماعت کے دوران کے الیکٹرک کے وکیل پیش ہوئے۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ اسد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

اقرار الحسن کیخلاف مقدمے میں فردِ جرم عائد کرنے کیلئے 20 نومبر کی تاریخ مقرر

ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا کیس، عدالت نے مقدمے کی نقول

فراہم کر کے آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی

کراچی (این این آئی) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت نے معروف ایکٹر اقرار الحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کے مقدمے میں فردِ جرم عائد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

کورنگی میں شادی کی ہوائی فائرنگ سے 9 سالہ بچہ جاں بحق

کراچی (این این آئی) کورنگی سو کوارٹر میں شادی کی خوشی میں کی جانے والی ہوائی فائرنگ کے نتیجے میں گھر کی چھت پر سویا ہوا 9 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا۔ ایس ایچ او زمان ٹاؤن عدنان بخاری کے مطابق کورنگی سو کوارٹر 51 سی سے بارات شادی ہال کی جانب جا رہی تھی کہ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

امیر بخش بھٹو کا مشکل وقت میں ساتھ دینے والوں سے اظہارِ تشکر

میر پور بھٹو بنگلے یا منیجر کی جانب سے ہدایت ملنے تک کوئی قدم نہ اٹھانے کی اپیل

کراچی (این این آئی) سردار امیر بخش خان | بھٹو نے مشکل وقت میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

تھرکولے کی رائلٹی مقامی ترقی پر خرچ ہوگی، قاسم سراج سومرو

توانائی منصوبوں کے متاثرین کا روزگار، صاف پانی اور تدارکِ بے روزگاری پالیسی کا مطالبہ

تقریباً 4,50 آبادی والے علاقوں کے قریب بڑے توانائی منصوبے قائم ہیں، پارلیمانی سیکریٹری معدنیات



کراچی (کامرس رپورٹر) پارلیمانی سیکریٹری برائے معدنیات، ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ، قاسم سراج سومرو نے کہا ہے کہ سندھ حکومت تھرکولے کے منصوبوں سے حاصل ہونے والی مقامی ترقیاتی علاقوں کی ترقی اور عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرے گی۔ وزیرِ اعلیٰ سندھ نے اس حوالے سے واضح ہدایات دی ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ تھر کے متاثرہ علاقوں میں ترقیاتی کام کیے جائیں گے اور توانائی منصوبوں کے قریب آباد لوگوں کو صاف پانی کی فراہمی ایک اہم مسئلہ ہے، جسے فوری طور پر حل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

آئی آر ایل کانفرنس 25-2026ء ملکی و غیر ملکی مندوبین کا شرکت

پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کی ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن کے اشتراک سے کانفرنس، برٹش ڈپٹی ہیڈ آف مشن ٹام برج اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب شریک

کائن بینک پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن کے پاکستان ایمبیڈر احسن شیخ کا بھی کانفرنس سے خطاب، اشتہاری صنعت کیلئے اہم سنگ میل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کی اشتہاری اور مارکیٹنگ کی صنعت سے وابستہ 325 سے زائد ملکی و غیر ملکی زائد و مندوبین نے آئی آر ایل کی کانفرنس 2026 میں شرکت کی جہاں آؤٹ آف ہوم اشتہارات کے مستقبل، جدید ٹیکنالوجی، تخلیقی صلاحیتوں اور ڈیجیٹل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

ایڈوانس ادائیگیوں پر سیلز ٹیکس انوائس کا نیا طریقہ متعارف

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس رولز میں ترمیم کرتے ہوئے ایڈوانس ادائیگیوں پر انوائس جاری کرنے کا نیا طریقہ متعارف کرادیا ہے، جس کے تحت سامان کی سپلائی سے قبل وصول ہونے والی ہر پیشگی رقم پر الگ انوائس جاری کرنا لازمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

آسٹریلیا جانے والا پاکستانی مسافر افغان شہری ہونے کے شبہے میں زیرِ تفتیش

ایف آئی اے نے شہاب حسین کو حراست میں لے لیا

یو این ایچ سی آر کا رڈ اور پناہ کی درخواست سمیت اہم دستاویزات برآمد

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے آسٹریلیا جانے والے ایک مسافر کو افغان شہری ہونے کے شبہے اور سفری دستاویزات میں تضادات سامنے آنے پر حراست میں لے کر مزید تحقیقات کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل منتقل کردیا۔ ایف آئی اے ترجمان کے مطابق زیرِ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

ہیڈ کانسٹیبل کے ریٹائرمنٹ کے باوجود اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کراچی میں کام کرنے کا انکشاف

الزام، شہریوں کو مبینہ طور پر ہراساں کیے جانے کی شکایات

پولیس افسران سے نوٹس لینے اور معاملے کی شفاف تحقیقات کرانے کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کراچی کے ایک اہلکار کی ریٹائرمنٹ سے متعلق سرکاری احکامات سامنے آنے کے باوجود ان کے مبینہ طور پر ڈیوٹی انجام دینے اور شہریوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

شاہ فیصل کالونی میں 23 سالہ نوجوان کی پھندا لگی لاش برآمد

متوفی کی شناخت محمد رضا کے نام سے ہوئی، گھریلو پریشانی کے باعث خودکشی کا شبہ، پولیس نے تحقیقات شروع کردیں

کراچی (این این آئی) شاہ فیصل کالونی نمبر 4 | کی بریلی کالونی میں ایک 23 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

پاور ہاؤس چورنگی کے قریب اسکول وین الٹ گئی، 3 بچے اور ڈرائیور زخمی

زخمیوں کو عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا گیا، حادثے میں وین کو شدید نقصان پہنچا

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں پاور | ہاؤس چورنگی کے قریب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

تاجر رہنما حفیظ عزیز نے پی سی ایل سی چیف کے فرائض دوبارہ سنبھال لیے

تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے، پی سی ایل سی چیف

کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ہمیشہ تاجروں کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کیا



کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) میں پی سی ایل سی کے چیف نے اپنے فرائض دوبارہ سنبھال لیے ہیں۔ حفیظ عزیز نے عمرے سے واپسی کے موقع پر کہا کہ وہ تاجر برادری کی خدمت کے لیے دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے۔ تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لیے باہمی تعاون اور رابطوں کو مزید موثر بنایا جائے گا۔ انہوں نے کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے اور تاجروں کو درپیش مشکلات کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)



پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام کانفرنس میں برٹش ڈپٹی چیف مشن اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب منتظمین کے ہمراہ



اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء اور ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نیز یرو غلو پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دوطرفہ تجارت سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔ اس موقع پر آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان سواتی کمرشل قونصلر اینیس مالک چیئرمین اور چیمبر کے سینئر ممبران مظہر حسین تھھل اور لیاقت علی تھھل بھی موجود ہیں۔

پاکستان ترکیہ تاریخی برادرانہ تعلقات مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل

سفیر ترکیہ ڈاکٹر عرفان نیز یرو غلو کی اسلام آباد میں محمد ذکریا اکبر ضیاء سے والد کے انتقال پر اظہار تعزیت

کمرشل قونصلر اینیس ملک چیئرمین، آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان سواتی، سینئر رکن مظہر حسین تھھال اور لیاقت علی تھھال بھی موجود

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نیز یرو غلو نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کو اپنے تاریخی برادرانہ تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنے کے لیے باہمی تجارت، سرمایہ کاری، مشترکہ منصوبوں اور صنعتی تعاون کو فروغ دینا چاہیے۔ انہوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)



امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے دورے کے موقع پر سسکونیٹ ورک کے کنٹری جنرل منیجر کاشف الحق شیلڈ پیش کر رہے ہیں گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد بھی ہمراہ موجود ہیں

روزنامہ قوم کی آواز
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
کراچی
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

گورنر کے پی کو وزیراعلیٰ کے اختیارات تفویض۔۔۔!

وفاقی کابینہ نے گورنر خیبر پختونخوا کو وزیراعلیٰ کے اختیارات منتقل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت بدھ کو ہونے والے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں یہ منظوری دی گئی۔ وزیراعظم آفس کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا مذکورہ اختیارات کے استعمال کے حوالے سے جائزہ رپورٹ ہر ماہ وفاقی حکومت کو پیش کریں گے جبکہ ایڈوائزی کونسل گورنر کی قیادت میں صوبے کے عوام کی بہتری اور خوشحالی اور صوبے میں امن وامان کے قیام کے لئے بھرپور کاوشیں یقینی بنائے گی۔ خیبر پختونخوا میں پیدا ہونے والے آئینی اور انتظامی خلاء کو ختم کرنے کے لئے کابینہ نے گورنر خیبر پختونخوا کو صوبے کے چیف ایگزیکٹو کے تمام اختیارات منتقل کرنے کی منظوری دی۔ اِس کے بعد صوبے کی تمام تر انتظامی باگ ڈور گورنر کے ہاتھوں میں آ چکی ہے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈز کی بروقت فراہمی اور صوبائی مسائل کے حل کے لئے کی جانے والی کوششیں آئینی اور قانونی تناظر میں صوبائی ڈھانچے کو مکمل طور پر مفلوج ہونے سے بچانے کی سبیل ہوسکتی ہیں تاہم اِس حقیقت سے نظریں نہیں چرائی جاسکتیں کہ آئینی نظام میں غیر معمولی اقدامات عارضی حل تو ضرور ہوتے ہیں لیکن کسی بھی طور مستقل نظام کا متبادل نہیں ہو سکتے۔ اِس سے قبل وزیراعظم شہباز شریف کے زیر صدارت منگل کو قومی اور داخلی سلامتی سے متعلق ہونے والے اہم اجلاس میں خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال، اَمن اور امان کے مسائل کے علاوہ انسدادِ دہشت گردی کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اجلاس میں اعلیٰ عسکری وسول حکام کے علاوہ وفاقی وزراء اور گورنر خیبر پختونخوا شریک ہوئے اور فیصلہ کیا گیا کہ صوبے میں انٹیلی جنس آپریشنوں کا دائرہ کار بڑھانے کے علاوہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں سمیت تمام متعلقہ اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنائی جائے۔ اجلاس میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد صوبے کے حکومتی امور اور انتظامی اقدامات کے علاوہ اَمن اور امان کی مجموعی صورت حال پر خصوصی غور کیا گیا تھا۔ وفاقی حکومت کی طرف سے خیبر پختونخوا کے لئے اعلان کردہ 160 ارب روپے کے پیکیج پر عملدرآمد کی پیشرفت کا جائزہ بھی لیا گیا تھا۔ خیبر پختونخوا اسکیورٹی کے ناگفتہ بہ حالات، معاشی زبوں حالی، تر قیاتی کاموں کی سست روی اور عوامی بے چینی کا شکار رہا ہے، وفاق نے چونکہ 160 ارب روپے کی خطیر رقم کی فراہمی کا اعلان کردیا ہے اِس لئے گورنر اور اُن کی ایڈوائزری کونسل کو چاہئے کہ وہ اِن وسائل کا شفاف اور فوری استعمال یقینی بنائیں۔ تاہم گورنر اور عبوری انتظامیہ کو یہ بات مدِنظر رکھنا ہوگی کہ گورنر راج یا غیر معمولی انتظامی سیٹ اَپ کو زیادہ دیر تک برقرار رکھنا آئین کی روح کے مطابق ہے اور نہ ہی یہ جمہوری اقدار کے شایانِ شان۔ یہ حقیقت نظر انداز نہیں کی جاسکتی کہ پی ٹی آئی ایک دہائی سے زائد عرصے تک خیبر پختونخوا کی سب سے بڑی سیاسی قوت رہی ہے، صوبے کے عوام نے تین بار اِس پر اعتماد کا اظہار کیا لیکن وفاقی حکومت کا موقف ہے کہ دہشت گردی سمیت کئی دیگر ایسے معاملات ہیں جن میں صوبائی حکومت اپنی ذمہ داریاں نبھانے میں ناکام رہی، اِسی بنیاد پر صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ کرنا پڑا۔ موجودہ سیاسی اور انتظامی حالات میں پی ٹی آئی کی قیادت کو صوبائی معاملات کی نزاکت اور حساسیت کا ادراک کرنا ہوگا، محاذ آرائی، مسلسل تصادم اور وفاق کے ساتھ کھنچاؤ کی پالیسی نے صوبے کو فائدے کے بجائے شدید نقصان پہنچایا ہے۔ سیاست میں جمود اور ضد کا نتیجہ بالآخر عوامی محرومی کی صورت میں نکلتا ہے۔ تحریک انصاف کی مرکزی اور صوبائی قیادت کو اپنی صفوں کا ازسرِنو جائزہ لینے اور اندرونی محاسبہ کی سخت ضرورت ہے۔ پارٹی کو چاہیے کہ وہ اپنی ایسی سیاسی قیادت کو سامنے لائے جو تدبر، سیاسی بصیرت اور صلح جوئی کی صلاحیت رکھتی ہو، ایسی قیادت جو وفاق کے ساتھ تلخیاں بڑھانے کے بجائے باہمی احترام اور تعاون کی فضاء قائم کرسکے۔




ہائی کورٹ بار میں دیوالی کی تقریب، وکلاء کی بڑی تعداد میں شرکت

تقریب سے قبل وکلاء نے آتش بازی کی، دیے روشن کیے اور دیوالی کی روایتی رسومات ادا کیں ہاشم لغاری، شوکت راہموں، کانجی مل میگھواڑ، قلندر بخش لغاری کی شرکت



میرپور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میں دیوالی کی تقریب، وکلاء کی بڑی تعداد میں شرکت، مذہبی ہم آہنگی اور بھائی چارے کا پیغام دیا گیا تفصیلات کے مطابق ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن میرپور خاص میں وکیل منوہل میگھواڑ کی جانب سے دیوالی کے تہوار کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب سے قبل وکلاء نے آتش بازی کی، دیے روشن کیے اور دیوالی کی روایتی رسومات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

رونیویو ریکارڈ کی درستگی اور محفوظ کرنے کے لئے ریکارڈ آف رائٹس کے قوانین وضوابط پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ایڈیشنل کمشنر ون سبھاش چندر



میرپور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) ایڈیشنل کمشنر ون سبھاش چندر کی زیر صدارت کمشنر کمیٹی ہال میرپور خاص میں ریکارڈ آف رائٹس کے قوانین و ضوابط کے تحت رونیویو ریکارڈ کی درستگی، اندراج اور محفوظ رکھنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

عباسی شہید اسپتال کے نئے بلاک میں او پی ڈی کا افتتاح، ضلع وسطی میں صحت کی سہولیات کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت

کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی بلدیہ عظمیٰ کراچی میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی قیادت میں شہر کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے ساتھ ساتھ صحت اور کھیلوں کے شعبوں میں بھی مختلف اقدامات کررہی ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع وسطی کے شہریوں کو بہتر طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

میرپور خاص یونین آف جرنلسٹس کا کوٹری کے صحافی باریجو برادران کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں پر دوسرے روز بھی احتجاج



میرپور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) میرپور خاص یونین آف جرنلسٹس کا کوٹری کے صحافی باریجو برادران کے خلاف مبینہ انتقامی کارروائیوں پر دوسرے روز بھی احتجاج، عدالتی تحقیقات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

ڈپٹی کمشنر میرپور خاص نواب سمیر لغاری نے وزیراعظم کے اقدام کے تحت دانش اسکولوں میں داخلوں کے حوالے سے ضلع بھر میں تشہیر



میرپور خاص (بیورو رپورٹ خاور انیس) ڈپٹی کمشنر میرپور خاص نواب سمیر لغاری نے وزیراعظم کے اقدام کے تحت دانش اسکولوں میں داخلوں کے حوالے سے ضلع بھر میں تشہیر، داخلہ فارموں کی فراہمی اور مستحق طلبہ کی رہنمائی کے لیے متعلقہ افسران کو ضروری احکامات جاری کر دیے ہیں جاری کردہ ہدایات کے مطابق ڈپٹی کمشنر آفس، اسسٹنٹ کمشنرز کے دفاتر اور دیگر سرکاری مقامات پر داخلہ فارموں کی دستیابی یقینی بنانے کے ساتھ نوٹس بورڈز اور دیگر ذرائع سے داخلوں کی تشہیر کی جائے گی تعلیمی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

گڑھی خیرو کے شہری اس جدید دور میں بھی سہولتوں سے محروم، رہائشیوں کا احتجاجی مظاہرہ

گڑھی خیرو (رپورٹ/راشد علی ببر) گڑھی خیرو کے شہری اس جدید دور میں بھی سہولتوں سے محروم، رہائشیوں کا احتجاج۔ تفصیل کے مطابق یہاں کے شہری بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



کراچی میں اساتذہ پر پولیس تشدد کے خلاف ماتلی میں احتجاجی ریلی، مطالبات تسلیم کرنے کا مطالبہ

ماتلی (نمائندہ قوم کی آواز) کراچی میں اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کرنے والے اساتذہ پر پولیس کی لاٹھی چارج اور مبینہ تشدد کے خلاف ماتلی میں بھی اساتذہ نے احتجاج کیا اور واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔ گسٹا کی اپیل پر علی نواز مہندو، محمد یوسف، ارباب یعقوب اور غلام رسول سولنگی سمیت دیگر اساتذہ کی قیادت میں ہائی اسکول ون سے حیدرآباد روڈ تک احتجاجی ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں شریک اساتذہ نے کراچی میں پولیس کے مبینہ تشدد کے خلاف نعرے لگائے۔ اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ اپنے جائز مطالبات کے لیے پرامن احتجاج کرنا اساتذہ کا جمہوری حق ہے، تاہم ان کے خلاف طاقت کا استعمال اور تشدد کا رویہ اختیار کرنا قابل افسوس اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ معاشرے کی تعمیر اور نئی نسل کی تعلیم وتربیت میں بنیادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

کندھ کوٹ میں ٹرک اور موٹر سائیکل میں تصادم، دو نوجوان جاں بحق

کندھ کوٹ (نمائندہ قوم کی آواز) انڈس ہائی وے پر نیو سبزی منڈی کے قریب موٹر سائیکل اور ٹرک کے درمیان زوردار تصادم کے نتیجے میں دو نوجوان جاں بحق جبکہ ایک شدید زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثے میں موٹر سائیکل سوار تین نوجوان محمد عامر چنہ، مدثر چنہ اور سہیل چنہ حادثے کا شکار ہوئے۔ تصادم کے نتیجے میں محمد عامر چنہ اور مدثر چنہ موقع پر ہی دم توڑ گئے جبکہ سہیل چنہ شدید زخمی ہوگیا۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی مقامی افراد اور پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئے اور زخمی سمیت جاں بحق نوجوانوں کو سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

بدامنی میں اضافہ، ڈکیتی کی دو الگ الگ وارداتیں، پولیس اہلکار سمیت 2 افراد سے موٹر سائیکلیں چھین لیں، 1 شخص زخمی



گڑھی خیرو (رپورٹ/راشد علی ببر) بدامنی میں اضافہ، ڈکیتی کی دو الگ الگ وارداتیں۔ پولیس اہلکار سمیت 2 افراد سے موٹر سائیکلیں چھین لیں، 1 شخص زخمی۔ تفصیل کے مطابق گڑھی خیرو تھانے کی حد ہائی اسکول کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے گاؤں خمیسو بروہی کے رہائشی عاشق بروہی سے موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقد رقم چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات جاڑا واہ کے قریب پیش آئی جہاں نامعلوم مسلح افراد نے ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے پر پولیس اہلکار ہدایت اللہ بروہی کو زخمی کردیا اور اس کی موٹر سائیکل، نقد رقم اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے۔ زخمی پولیس اہلکار کو علاج کے لیے تعلقہ اسپتال لایا گیا، جہاں اسے طبی امداد فراہم کی گئی۔ واقعے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

نادرا کی مبینہ سخت پالیسیوں نے شہریوں کو شناختی کارڈ کے حصول میں مشکلات سے دوچار کردیا

میرپور خاص (بیورو رپورٹ) نادرا کی مبینہ سخت پالیسیوں نے شہریوں کو شناختی کارڈ کے حصول میں مشکلات سے دوچار کردیا۔ نوجوان 9 ماہ سے خوار میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے بیوی کا شناختی کارڈ اور نکاح نامہ لازمی قرار، بینک اکاؤنٹس، ایزی پیسہ اور روزگار کے مواقع بھی متاثر ہونے لگے۔ تفصیلات کے مطابق میرپور خاص نادرا رجسٹریشن سینٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

روزنامہ قوم کی آواز — GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمدورفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55

شرح تبادلہ



کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
بانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

شیخ ہزاع بن زاید النہیان کا تمّ فیکٹری کا دورہ، ابوظہبی کو دنیا کی پہلی مصنوعی ذہانت پر مبنی حکومت بنانے کے اقدامات کا جائزہ

احمد تمیم ہشام الکتاب اور ڈاکٹر محمد عبدالحمید العسکر نے شیخ ہزاع بن زاید النہیان کا استقبال کیا، متحدہ حکومتی خدمات کے پلیٹ فارم تمّ کی جدید سہولتوں، مصنوعی ذہانت کے استعمال اور شہریوں کو بہتر خدمات کی فراہمی سے متعلق بریفنگ دی

شیخ ہزاع بن زاید النہیان نے عوامی ضروریات کو حکومتی ترجیحات کا مرکز بنانے، وقت اور محنت کی بچت، معیارِ زندگی بہتر بنانے اور امارت کے تمام علاقوں میں مصنوعی ذہانت کے ذریعے فعال حکومتی خدمات کی توسیع کی اہمیت پر زور دیا

احمد تمیم ہشام الکتاب کے مطابق تمّ عالمی سطح پر مصنوعی ذہانت سے چلنے والی حکومتوں کے لیے مثالی پلیٹ فارم بن چکا، 49 سے زائد شراکت داروں کے ذریعے 12 سو سے زیادہ خدمات فراہم کی جارہی ہیں



ابوظہبی (بزنس رپورٹر) امارات کے حکمران کے نمائندے برائے العین ریجن عزت مآب شیخ ہزاع بن زاید النہیان نے تمّ فیکٹری کا دورہ کیا، جہاں انہیں ابوظہبی حکومت کی جانب سے مصنوعی ذہانت پر مبنی جدید حکومتی نظام کی تشکیل اور متحدہ سرکاری خدمات کے پلیٹ فارم تمّ (TAMM) میں ہونے والی تازہ پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ جمعہ 6 نومبر 2026ء کو ہونے والے اس دورے کے دوران انہوں نے پلیٹ فارم کی جدید خصوصیات، خدمات کی ترقی اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے عوامی سہولتوں میں اضافے کے اقدامات کا جائزہ لیا۔ تمّ پلیٹ فارم اب سرکاری خدمات کی فراہمی میں مصنوعی ذہانت کے مؤثر استعمال کی ایک عالمی مثال بن چکا ہے، جس کے ذریعے شہریوں اور معاشرے کے دیگر افراد کے لیے وقت اور محنت کی بچت کے ساتھ خدمات تک رسائی کو آسان بنایا جا رہا ہے۔ شیخ ہزاع بن زاید النہیان نے تمّ فیکٹری میں جاری کام کا بھی جائزہ لیا، جہاں مختلف سرکاری اداروں اور شراکت دار تنظیموں کی ٹیمیں ایک ہی چھت کے نیچے مل کر عوام کی ضروریات، آرام اور فلاح و بہبود کو مدنظر رکھتے ہوئے جدید خدمات تیار کرتی ہیں۔ یہ فیکٹری محکمہ حکومتی اختیارات و سہولت کاری ابوظہبی (DGE) کا حصہ ہے۔ اس موقع پر محکمہ حکومتی اختیارات و سہولت کاری ابوظہبی کے چیئرمین احمد تمیم ہشام الکتاب اور تمّ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمد عبدالحمید العسکر نے شیخ ہزاع بن زاید النہیان کا استقبال کیا اور انہیں مختلف منصوبوں اور مستقبل کی حکمت عملی سے متعلق بریفنگ دی۔ شیخ ہزاع بن زاید النہیان نے تمّ پلیٹ فارم ابوظہبی کے اس وژن کی عملی عکاسی کرتا ہے جس کے تحت عوام کو حکومتی خدمات اور پالیسیوں کا بنیادی مرکز بنایا گیا ہے۔ اس پلیٹ فارم کا مقصد لوگوں کا قیمتی وقت بچانا، ان کی سہولت میں اضافہ کرنا اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ شہریوں کو پیشگی اور فعال خدمات فراہم کرنے کے لیے مسلسل ترقیاتی اقدامات جاری رکھے جائیں اور مصنوعی ذہانت کو مزید مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے تاکہ امارت کے تمام علاقوں میں عوام کو حکومتی سہولتوں تک آسان رسائی حاصل ہوسکے۔ انہوں نے پلیٹ فارم کی کامیابیوں اور ابوظہبی کے مستقبل کی تشکیل میں کردار ادا کرنے والے قومی صلاحیتوں اور باصلاحیت افراد پر بھی فخر کا اظہار کیا۔ محکمہ حکومتی اختیارات و سہولت کاری ابوظہبی کے چیئرمین احمد تمیم ہشام الکتاب نے شیخ ہزاع بن زاید النہیان کے دورے کو تمّ فیکٹری کی ٹیموں کے لیے حوصلہ افزائی کا اہم ذریعہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ دورہ ٹیموں کو اپنی کوششیں جاری رکھنے اور ابوظہبی کی عالمی قیادت کو مزید مستحکم کرنے کی ترغیب دے گا۔ احمد تمیم ہشام الکتاب کے مطابق ابوظہبی مصنوعی ذہانت پر مبنی حکومتی نظام کی تشکیل میں دنیا کے لیے ایک مثالی ماڈل بن چکا ہے، جہاں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے عوام کی ضروریات کا پہلے سے اندازہ لگاتے ہوئے ان کے مطابق خدمات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمّ اب محض ایک مقامی پلیٹ فارم نہیں رہا بلکہ یہ عالمی سطح پر ایک نمایاں مثال بن چکا ہے، جس کا جائزہ لینے اور اس کے تجربات سے استفادہ کرنے کے لیے دنیا بھر کی حکومتیں دلچسپی لے رہی ہیں۔ ابوظہبی حکومت کے تمام ادارے اس سفر میں شراکت دار ہیں اور مشترکہ کوششوں کے ذریعے امارت کو دنیا کی پہلی مکمل مصنوعی ذہانت پر مبنی حکومت بنانے کا ہدف حاصل کرنے کے لیے کام کررہے ہیں۔ دورے کے موقع پر شیخ ہزاع بن زاید النہیان کے ہمراہ شیخ محمد بن حمدان بن زاید النہیان بھی موجود تھے، جو العین ریجن میں حکمران کے نمائندے کے دیوان کے انڈر سیکریٹری ہیں۔ تمّ پلیٹ فارم کے ذریعے اس وقت سرکاری اور نجی شعبے کی 1200 سے زائد خدمات فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ 49 سے زیادہ شراکت دار ادارے اس نظام کا حصہ ہیں۔ اس پلیٹ فارم سے استفادہ کرنے والے صارفین کی تعداد 49 لاکھ تک پہنچ چکی ہے اور صارفین کے اطمینان کی شرح 94.5 فیصد ریکارڈ کی گئی ہے۔ پلیٹ فارم کے ذریعے سالانہ ایک کروڑ 80 لاکھ سے زیادہ لین دین اور خدمات کے معاملات مکمل کیے جاتے ہیں۔ تمّ کا مصنوعی ذہانت پر مبنی معاون 96 فیصد سوالات اور خدمات سے متعلق درخواستوں کو انسانی مداخلت کے بغیر نمٹانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ان خدمات میں گاڑیوں کی رجسٹریشن، کاروباری لائسنس کا حصول، پاسپورٹ کی تجدید اور اماراتی شناختی کارڈ کی تجدید سمیت متعدد اہم سہولتیں شامل ہیں۔ اسی طرح تمّ آٹو گو (TAMM AutoGov) کو دنیا کا پہلا مصنوعی ذہانت پر مبنی سرکاری ملازم قرار دیا گیا ہے، جو پیشگی خدمات کے ذریعے صارفین کو سالانہ ایک کروڑ 70 لاکھ درہم سے زیادہ کے تاخیر سے جمع ہونے والے جرمانوں اور فیسوں سے بچانے میں مدد فراہم کرتا ہے۔ اس جدید پلیٹ فارم کے ذریعے حکومتی اداروں کے سالانہ 56 لاکھ دفتری اوقات بھی بچائے جا رہے ہیں، جو ابوظہبی میں ڈیجیٹل تبدیلی، انتظامی کارکردگی اور مصنوعی ذہانت کے استعمال میں نمایاں پیش رفت کی عکاسی کرتے ہیں۔





بقیہ نمبر 1 ﴿قوم کی آواز﴾

ادا کیں تقریب میں پاکستان بار کونسل کے ممبر ایڈووکیٹ ہاشم لغاری، ہائی کورٹ بار کے صدر ایڈووکیٹ شوکت راہموں، جنرل سیکریٹری ایڈووکیٹ کانجی مل میگھواڑ، ایڈووکیٹ قلندر بخش لغاری، ایڈووکیٹ ہریش سمیت وکلاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وکلاء رہنماؤں نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب، قوموں اور ثقافتوں کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے جہاں ہر شہری کو اپنے مذہبی عقائد اور تہواروں کے مطابق خوشیاں منانے کا مکمل حق حاصل ہے دیوالی روشنی، خوشیوں اور امید کا تہوار ہے، جو اندھیرے پر روشنی اور مایوسی پر امید کی فتح کا پیغام دیتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ ہائی کورٹ بار میں دیوالی کی تقریب منعقد کرنے کا مقصد اقلیتی برادری کے ساتھ یکجہتی کا اظہار اور مذہبی ہم آہنگی، برداشت، محبت اور بھائی چارے کے فروغ کے پیغام کو عام کرنا ہے وکلاء برادری ہمیشہ آئین، قانون، انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے اور آئندہ بھی اس روایت کو برقرار رکھے گی۔

بقیہ نمبر 2 ﴿قوم کی آواز﴾

سہولتیں واٹر سپلائی، سوئی گیس نہ ہونے اور سرسوا ین جی اوز کے خلاف مختلف سیاسی وسماجی تنظیموں کی جانب سے جاوید جمالی، اسرار احمد کوسو، عبد محمد بروہی اور دیگر کی قیادت میں احتجاج کیا گیا۔اس موقع پر مظاہرین نے کہا کہ یہاں کے رہائشی اس جدید دور میں بھی بنیادی سہولتیں واٹر سپلائی، سوئی گیس سے محروم ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ 2022 کی بارش متاثرین کے لیے سندھ حکومت کی جانب سے سولر سسٹم پروگرام شروع کیا گیا تھا۔ وہ پروگرام بھی سرسوا ین جی اوز کو دیا گیا۔سرسوا ین جی اوز پہلے ہی ہاؤسنگ پراجیکٹ مکمل نہ ہونے کی وجہ سے کئی متاثرین کو ابھی تک گھر نہیں مل سکے ہیں۔پھر سرسوا ین جی اوز نے سولر سسٹم پروگرام میں 7500 نام ہونے کا کہہ کر دوبارہ سروے کی۔صرف 110 افراد کو سولر سسٹم دیا گیا۔باقی متاثرین کو صرف دلاسے دیے جا رہے ہیں۔مظاہرین نے ڈی سی جیکب آباد، کمشنر لاڑکانہ اور یہاں کے منتخب نمائندوں سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ نمبر 3 ﴿قوم کی آواز﴾

کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے مسائل سننے اور مطالبات پر غور کرنے کے بجائے ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کسی صورت قابل قبول نہیں۔احتجاجی اساتذہ نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں پیش آنے والے واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف کارروائی کی جائے اور اساتذہ کے جائز مطالبات تسلیم کرکے انہیں انصاف فراہم کیا جائے۔

بقیہ نمبر 4 ﴿قوم کی آواز﴾

بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔شہریوں اور سماجی تنظیموں نے شہر اور گرد و نواح میں بڑھتی ہوئی بدامنی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ نمبر 5 ﴿قوم کی آواز﴾

میرپورخاص کی مبینہ سخت پالیسیوں اور پیچیدہ طریقہ کار کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار ہوگئے ہیں۔میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے شہریوں کو غیر ضروری پریشانیوں اور بار بار دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے، جبکہ ایک نوجوان گزشتہ 9 ماہ سے شناختی کارڈ کے حصول کے لیے دھکے کھانے کے باوجود تاحال اپنا مسئلہ حل نہیں کرا سکا۔ میرپورخاص کے رہائشی متاثر نوجوان عطا محمد نے میڈیا سے بات کرتے ہوئے اپنی فریاد بیان کی کہ وہ گزشتہ 9 ماہ سے میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے نادرا آفس کے چکر لگا رہا ہے، تاہم تاحال اس کا شناختی کارڈ جاری نہیں کیا گیا۔نوجوان کے مطابق نادرا عملے کی جانب سے شناختی کارڈ کی تجدید کے لیے بیوی کا شناختی کارڈ اور نکاح نامہ فراہم کرنے کی شرط عائد کی جا رہی ہے، جس کے باعث وہ مسلسل مشکلات کا سامنا کر رہا ہے متاثرہ نوجوان کا کہنا ہے کہ شناختی کارڈ کی میعاد ختم ہونے کے باعث اس کے بینک اکاؤنٹس اور ایزی پیسہ اکاؤنٹس سمیت دیگر ضروری معاملات متاثر ہو رہے ہیں، جبکہ شناختی کارڈ نہ ہونے کی وجہ سے ملازمت اور روزگار کے حصول کے لیے درخواستیں جمع کرانے میں بھی مشکلات پیش آ رہی ہیں۔شناختی کارڈ جیسی بنیادی دستاویز کے حصول میں کئی ماہ کی تاخیر نے شہریوں کی روزمرہ زندگی کو شدید متاثر کر رکھا ہے دوسری جانب نادرا میرپورخاص آفس کے عملے کا موقف ہے کہ نادرا کے نئے سسٹم اور پالیسی کے تحت بیوی کا شناختی کارڈ اور نکاح نامہ فراہم کیے بغیر شناختی کارڈ جاری کرنا ممکن نہیں، جبکہ ماضی میں میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈ کی تجدید اس طریقہ کار کے بغیر بھی ہو جاتی تھی شہری حلقوں کی جانب سے سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ اگر کسی شہری کا اپنا شناختی ریکارڈ موجود ہے اور وہ صرف میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈ کی تجدید کروانا چاہتا ہے تو اسے اس قدر طویل اور پیچیدہ طریقہ کار سے کیوں گزارا جا رہا ہے؟ متاثرہ نوجوان عطا محمد نے نادرا کے چیئرمین، اعلیٰ حکام اور متعلقہ ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ میرپورخاص نادرا آفس کے اس مبینہ پیچیدہ طریقہ کار کا فوری نوٹس لیا جائے، معاملے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور شناختی کارڈ کی تجدید کے عمل کو آسان بنایا جائے تاکہ شہریوں کو 9، 9 ماہ تک دفاتر کے چکر لگانے سے نجات مل سکے اور وہ اپنے بینکنگ، روزگار اور دیگر بنیادی معاملات بلا رکاوٹ جاری رکھ سکیں۔

بقیہ نمبر 6 ﴿قوم کی آواز﴾

کیا۔زخمی سہیل چنہ کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تشویشناک حالت کے باعث مزید علاج کے لیے سکھر منتقل کر دیا گیا۔دوسری جانب ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد دونوں جاں بحق نوجوانوں کی لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں۔ لاشیں گھر پہنچنے پر کہرام مچ گیا جبکہ علاقے میں سوگ کی فضا چھا گئی۔پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ٹرک اپنی تحویل میں لے کر ڈرائیور کو گرفتار کر لیا ہے، تاہم واقعے کا مقدمہ تاحال درج نہیں ہو سکا۔

بقیہ نمبر 7 ﴿قوم کی آواز﴾

اداروں، بلدیاتی نمائندوں اور مقامی عمائدین کے تعاون سے کم آمدنی والے خاندانوں کے ذہین اور باصلاحیت بچوں کی نشاندہی بھی کی جائے گی ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی ہے کہ والدین اور طلبہ کو درخواست فارم پُر کرنے اور داخلے کے طریقہ کار سے متعلق رہنمائی فراہم کی جائے، جبکہ دیہی، دور دراز اور پسماندہ علاقوں تک بھی معلومات پہنچائی جائیں تاکہ کوئی اہل اور مستحق طالب علم آگاہی یا انتظامی مشکلات کے باعث اس موقع سے محروم نہ رہے۔واضح رہے کہ وزیراعظم کے اس اقدام کا مقصد معاشی طور پر کمزور اور مستحق خاندانوں کے ذہین بچوں کو دانش اسکولوں کے ذریعے معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا ہے۔داخلے کے خواہش مند طلبہ آن لائن www.daanish.edu.pk کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں، جبکہ مکمل داخلہ فارم بذریعہ ڈاک درج ذیل پتے پر ارسال کیے جا سکتے ہیں: دانش داخلہ سیل، دانش اسکول ٹری، جامع مسجد زبیدہ کے بالمقابل، سیکٹر C-3، بحریہ انکلیو، اسلام آباد۔داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 12 نومبر 2026ء ہے۔داخلے کا اشتہار اور فارم متعلقہ مراسلے کے ساتھ منسلک ہیں۔

بقیہ نمبر 8 ﴿قوم کی آواز﴾

کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق کوٹری کے صحافی باریجو برادران کے خلاف ایک بااثر شخصیت کے مبینہ ایما پر پولیس کی جانب سے انتقامی کارروائیاں، جھوٹے مقدمات کے اندراج اور اہل خانہ کو ہراساں کرنے کے خلاف میرپورخاص یونین آف جرنلسٹس کی جانب سے مسلسل دوسرے روز بھی احتجاجی مظاہرہ کیا گیا جس کی قیادت شاہد خاصخیلی، شوکت پنہور، سلیم آزاد اور فہد سلطان نے کی جبکہ ہائی کورٹ بار میرپورخاص کے صدر شوکت راہموں، آبادگار رہنما زاہد نون سمیت صحافیوں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مقررین نے الزام عائد کیا کہ جامشورو پولیس ایک بااثر رکن قومی اسمبلی کے مبینہ دباؤ پر صحافی عظیم باریجو، اسماعیل باریجو اور دھنی بخش باریجو سمیت ان کے اہل خانہ کے خلاف جھوٹے مقدمات درج کر کے انہیں ہراساں کر رہی ہے اور انتقامی کارروائیوں کا نشانہ بنایا جا رہا ہے مقررین نے یہ بھی الزام عائد کیا کہ ایس ایس پی جامشورو خود اس معاملے میں فریق بنے ہوئے ہیں مقررین نے واقعے میں قتل ہونے والے برفت برادری کے نوجوان کے قتل کی بھی شدید مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ ایس ایس پی جامشورو کو فوری طور پر عہدے سے ہٹایا جائے اور پورے معاملے کی شفاف عدالتی تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور ذمہ داران کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جا سکے مقررین نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو صحافیوں کی جانب سے احتجاجی تحریک جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 9 ﴿قوم کی آواز﴾

سہولیات کی فراہمی کے لیے عباسی شہید اسپتال میں نئے بلاک کا افتتاح کیا گیا، جس کے بعد اسپتال کی طبی خدمات میں مزید اضافہ ہوا ہے اس سلسلے میں آج نئے بلاک میں او پی ڈی (OPD) کا باضابطہ افتتاح بھی کر دیا گیا۔او پی ڈی کے فعال ہونے سے مریضوں کو طبی معائنے، ڈاکٹروں سے مشاورت اور علاج معالجے کی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ اسپتال پر مریضوں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کو کم کرنے میں بھی مدد ملنے کی توقع ہے عباسی شہید اسپتال کراچی کے اہم سرکاری طبی اداروں میں شمار ہوتا ہے، جہاں ضلع وسطی سمیت شہر کے مختلف علاقوں سے مریض علاج کے لیے آتے ہیں۔ نئے بلاک اور او پی ڈی کے آغاز سے شہریوں کو سرکاری سطح پر طبی سہولیات کی فراہمی میں بہتری آئے گی بلدیہ عظمیٰ کراچی کے ان اقدامات کا مقصد شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات فراہم کرنا اور سرکاری اسپتالوں کی طبی خدمات کو مزید مؤثر بنانا ہے

بقیہ نمبر 10 ﴿قوم کی آواز﴾

ڈپٹی کمشنر میرپورخاص ندیم احمد بلوچ اور ضلع میرپورخاص کے تمام اسسٹنٹ کمشنرز نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر عمر کوٹ اعجاز احمد جتوئی اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر تھرپارکر عمیر اشرف نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی۔اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر سبھاش چندر نے کہا کہ ریونیو ریکارڈ کے درست اندراج، اس کی حفاظت اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ریکارڈ آف رائٹس کے مروجہ قوانین وضوابط پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔انہوں نے کہا کہ ریونیو ریکارڈ سرکاری اور عوامی حقوق سے متعلق ایک اہم دستاویز ہیں جس کی درستگی اور حفاظت میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جاسکتی۔اجلاس میں ریجنل ریونیو آفیسر منظور احمد لغاری نے ریکارڈ آف رائٹس کے تاریخی پس منظر اور قانونی طریقہ کار کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سندھ میں ریکارڈ آف رائٹس فارم نمبر 7 کے اجراء اور تیاری کا سلسلہ 1920ء سے رائج ہے جبکہ ریکارڈ آف رائٹس کی پہلی مرحلہ وار کارروائی 1925ء سے 1928ء اور دوسرا مرحلہ 1955ء سے 1957ء کے دوران مکمل کیا گیا تھا۔انہوں نے مزید بتایا کہ ریکارڈ آف رائٹس کے قوانین وضوابط کے تحت ریونیو ریکارڈ کو درست اور محفوظ بنانے کے لیے تحصیل سطح پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں کمیٹیاں تشکیل دینے اور ضلعی سطح پر ریونیو افسران کے لیے آگاہی سیشن منعقد کرانے کی سفارشات ریونیو ڈپارٹمنٹ کے اعلیٰ حکام کو ارسال کی گئی ہیں۔اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام ریونیو افسران ریکارڈ آف رائٹس کے قوانین وضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنائیں تاکہ ریونیو ریکارڈ کا درست اندراج، مؤثر نگرانی اور محفوظ رکھنا ممکن بنایا جاسکے۔

بقیہ نمبر 11 ﴿قوم کی آواز﴾

اہم فیصلہ کیا گیا۔اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں میں تیار کردہ مصنوعات کی عالمی منڈیوں تک رسائی کلیدی اہمیت کی حامل ہے، جدید خطوط پر استوار ٹی ڈی اے پی اس کی راہ ہموار کرے گا۔زرعی مصنوعات کی برآمد کا پورا ایکو سسٹم بشمول پوری ویلیو چین بنائی جائے گی۔انہوں نے ہدایت دی کہ شفاف طریقے سے میرٹ پر اچھی تربیت یافتہ افرادی قوت کو ٹی ڈی اے پی کا حصہ بنایا جائے۔وزیراعظم نے کہا کہ اصلاحات تب ہی ممکن ہیں جب اداروں میں ترقی کو اہداف کے حصول اور کارکردگی سے مشروط کیا جائے، ادارے کے پرفارمنس اور فنانشل آڈٹ کے لیے اچھی شہرت یافتہ نجی آڈٹ فرم کی خدمات لی جائیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی برآمدی استعداد وسیع اور جغرافیہ موضوں ترین ہے، برآمدات میں اضافے کے لیے صنعتوں اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار کو سہولت فراہم کر رہے ہیں تاکہ ان خصوصیات سے بھرپور استفادہ حاصل کیا جاسکے۔اجلاس کو ٹریڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) کی موجودہ کارکردگی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کے موجودہ نظام میں چیلنجز کے بارے میں اجلاس کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔عالمی سطح پر مؤثر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشنز کے تقابلی جائزے میں واضح کیا گیا کہ جدید ادارے مقامی منڈیوں کی ترقی وعالمی منڈیوں تک رسائی، برآمد کنندگان کی استعداد میں اضافے اور برآمدات کے فروغ کے لیے مربوط خدمات فراہم کرتے ہیں۔بریفنگ میں ٹی ڈی اے پی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ عالمی معیار کے تجارتی فروغ کے ادارے میں تبدیل کرنے کے لیے اصلاحات بھی پیش کی گئیں۔ان میں ادارے کے دائرہ کار کو 8 بنیادی افعال تک محدود کرنا، بورڈ اور انتظامی ڈھانچے کی تنظیم نو، علاقائی نیٹ ورک کو مؤثر بنانا، ڈیجیٹل پلیٹ فارم اور مصنوعی ذہانت کا استعمال، جبکہ کارکردگی جانچنے کے لیے قابل پیمائش اشاریوں اور آزادانہ تھرڈ پارٹی جائزے کا نظام متعارف کرانا شامل ہے۔مجوزہ اصلاحات پر عمل درآمد کے لیے منظوری، ڈیزائن، نفاذ اور آزادانہ جانچ پر مشتمل 12 ماہ کا مرحلہ وار منصوبہ بھی پیش کیا گیا۔وزیراعظم نے اصلاحات کو آئندہ برس کے وسط میں مکمل کرکے ان کے اطلاق یقینی بنانے کی ہدایت کی۔اجلاس میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، شزہ فاطمہ خواجہ، ڈاکٹر مصدق ملک، مشیر وزیراعظم ہارون اختر، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 12 ﴿قوم کی آواز﴾

لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور شہید میر شاہنواز بھٹو کے مزارات پر بھی حاضری دی۔لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی مادر جمہوریت بیگم نصرت بھٹو کے مزار پر بھی فاتحہ خوانی۔لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے عوام کے حق حکمرانی کے لیے جانیں نچھاور کرنے والے شہدائے جمہوریت کو خراج عقیدت پیش کیا۔لاڑکانہ: چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے شہدائے جمہوریت کے مزارات پر پاکستان کی سلامتی، عوام کی خوش حالی اور جمہوریت کی سربلندی کے لیے دعائیں کیں۔

بقیہ نمبر 13 ﴿قوم کی آواز﴾

انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے شہر کے مسائل کے حل اور اختیارات کے حصول کے لیے جدوجہد کا عزم کیا تھا اور وہ عوامی خدمت کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔ناظم آباد میں سرکاری اسکول کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ہم نے پہلے ہی واضح کر دیا تھا کہ اختیارات کے لیے لڑیں گے اور فائل پھینک کر نہیں جائیں گے۔ہمارے دوست ہمارے کاموں سے پریشان ہیں اور روزانہ پوچھتے ہیں کہ ہم یہ کام کیسے کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ سرکاری اسکولوں کا تصور ہی تبدیل کر دیا گیا ہے، جس کے باعث لوگ مجبوراً نجی تعلیمی اداروں کا رخ کرتے ہیں۔نجی اسکولوں میں بھی طبقاتی تقسیم موجود ہے، جہاں صرف چند فیصد لوگ مہنگی فیسیں ادا کرکے معیاری تعلیم حاصل کر سکتے ہیں، جبکہ متوسط طبقہ مشکلات کا شکار ہے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے سرکاری اسکولوں کو بہتر بنانے کا وعدہ کیا تھا اور ناظم آباد کا یہ اسکول معیار اور سہولیات کے اعتبار سے نجی اسکولوں کا مقابلہ کرے گا۔مقابلہ معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کی بنیاد پر ہونا چاہیے۔ڈاکٹر عبدالقدیر خان جیسے نامور لوگ سرکاری اسکولوں سے تعلیم حاصل کرکے آگے بڑھے، لیکن حکمرانوں نے ان تعلیمی اداروں کو کھنڈر بنا دیا۔انہوں نے کہا کہ شہریوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، مگر حکومت پٹرول پر فی لیٹر تقریباً 130 روپے تک ٹیکس وصول کر رہی ہے اور اس کے باوجود عوام کو بنیادی سہولیات فراہم نہیں کی جا رہیں۔اگر ریاست اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتی تو یہ قوم کے ساتھ زیادتی ہے۔امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ نعمت اللہ خان کے دور میں سرکاری اسکول بلدیہ کے ماتحت تھے، لیکن بعد میں بتدریج ان کی حالت خراب ہوتی چلی گئی۔گزشتہ 40 برس سے دو جماعتیں اقتدار میں رہیں اور تعلیمی اداروں کی حالت یہاں تک پہنچ گئی کہ بچے درختوں کے نیچے بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہو گئے۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے احتجاج کے بعد اسکول دوبارہ ٹاؤنز کے ماتحت کیے گئے اور جب ٹاؤنز کا نظام جماعت اسلامی کے پاس آیا تو کھنڈر بنی سڑکوں کی صفائی اور بہتری کے کام شروع کیے گئے۔

بقیہ نمبر 14 ﴿قوم کی آواز﴾

بڑا انفرادی قرض خواہ ہے۔عالمی بینک نے انٹرنیشنل ڈیٹ رپورٹ 2026 جاری کر دی۔رپورٹ کے مطابق 2015 میں پاکستان کا بیرونی قرض 68 ارب 67 کروڑ ڈالر تھا، جو 2025 میں بڑھ کر 135 ارب 10 کروڑ ڈالر ہو گیا۔چین کے 22 ارب 40 کروڑ ڈالر، عالمی بینک کے 19 ارب 20 کروڑ ڈالر اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے 16 ارب 30 کروڑ ڈالر پاکستان پر واجب الادا ہیں۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان نے مجموعی طور پر 56 ارب 83 کروڑ ڈالر کے قرضے عالمی مالیاتی اداروں جبکہ 42 ارب 43 کروڑ ڈالر دوسرے ممالک سے حاصل کیے ہیں۔پاکستان کے مجموعی بیرونی قرض میں سرکاری اور سرکاری ضمانت والے قرضوں کا حجم 107 ارب ڈالر رہے، جبکہ نجی شعبے کا قرض 17 ارب 58 کروڑ ڈالر اور قلیل مدتی قرض 10 ارب 45 کروڑ ڈالر ریکارڈ کیا گیا۔رپورٹ کے مطابق سرکاری قرضوں کی اوسط مدت 16 سال اور شرح سود 3.6 فیصد ہے، جبکہ نجی قرضوں پر اوسط شرح سود 8.6 فیصد ہے۔2025 میں چین نے پاکستان کے 2 ارب ڈالر قرضوں کی واپسی کی مدت میں توسیع کی، جبکہ آئی ایم ایف نے 2 ارب 30 کروڑ ڈالر کے نئے قرضے فراہم کیے۔عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق دنیا بھر میں بھی قرضوں کا بوجھ بڑھ رہا ہے اور کم آمدنی والے ممالک کے بیرونی قرضوں میں 8.9 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ان ممالک کی جانب سے نجی قرض دہندگان کو سود اور اصل رقم کی ادائیگی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 15 ﴿قوم کی آواز﴾

پی ٹی اے حکام کے مطابق غیر فعال اور منسوخ موبائل نمبرز پر واٹس ایپ اکاؤنٹس کے ذریعے سائبر فراڈ کی شکایات سامنے آ رہی تھیں، جس کے بعد ایسے اکاؤنٹس کی بندش کا عمل شروع کیا گیا ہے۔حکام کا کہنا ہے کہ ٹیلی کام آپریٹرز کے پاس ایک کروڑ 60 لاکھ ری سائیکل موبائل نمبرز موجود ہیں، جن میں سے پی ٹی اے نے ایک کروڑ نمبرز کی تفصیلات میٹا کو فراہم کی تھیں۔پی ٹی اے اور میٹا کے درمیان طے پانے والے طریقہ کار کے تحت ہر ماہ 5 ہزار ری سائیکل نمبرز کی تفصیلات میٹا کو بھیجی جائیں گی اور ان نمبرز پر رجسٹرڈ واٹس ایپ اکاؤنٹس مرحلہ وار بند کیے جائیں گے۔پی ٹی اے حکام کے مطابق گزشتہ سال موصول ہونے والی شکایات میں سے میٹا نے 82 فیصد شکایات حل کیں۔

بقیہ نمبر 16 ﴿قوم کی آواز﴾

گی۔اس کے علاوہ سندھ کی ساحلی پٹی میں ویٹرنری ایمرجنسی سینٹرز کے قیام اور سندھ لائیو اسٹاک اینڈ ایکوا کلچر ڈویلپمنٹ پراجیکٹ (SLADP) کے تحت مختلف ویٹرنری یونٹس کی بحالی اور نئے یونٹس کی تعمیر کے ڈیزائن بھی فائنل کر لیے گئے۔صوبائی وزیر محمد علی ملکانی نے کنسلٹنسی فرم کی جانب سے منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ تمام ترقیاتی کام منظور شدہ ڈیزائنز، مقررہ معیار اور طے شدہ منصوبہ بندی کے مطابق مکمل کیے جائیں تاکہ منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ویٹرنری سہولیات میں بہتری اور جدید مراکز کے قیام سے صوبے کے مویشی پالنے والوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی اور لائیو اسٹاک کے شعبے کو ترقی دینے میں مدد ملے گی۔اجلاس میں سیکریٹری لائیو اسٹاک اینڈ فشریز سندھ ڈاکٹر کاظم حسین جتوئی، ورلڈ بینک کے پروگرام کوآرڈینیٹر ڈاکٹر نذیر حسین کلہوڑو، ایس ایل اے ڈی پی کے پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر جاوید میمن اور سول ورکس کی ڈیزائن اینڈ سپرویژن کنسلٹنٹ ایم ایس جی تھری انجینئرنگ ورکس کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ نمبر 17 ﴿قوم کی آواز﴾

کی نشاندہی کی گئی ہے، رپورٹ کے مطابق 12 ہزار 78 سرکاری ملازمین، پنشنرز اور ان کے شریک حیات کو 51 کروڑ 57 لاکھ روپے سے زائد کی ادائیگیاں کی گئیں جبکہ بیرون ملک سفر کر نیوالے مستحقین کے 261 کیسز میں ایک کروڑ 30 لاکھ روپے سے زائد کی رقم بھی جاری ہوتی رہی، آڈٹ میں گاڑیوں کے مالکان، غیر اہل طلبہ، غلط ازدواجی حیثیت اور شناختی کارڈز کے ریکارڈ میں خامیوں کے باعث بھی سرکاری رقوم کی تقسیم پر سوالات اٹھائے گئے ہیں، آڈٹ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2024-25 میں بی آئی ایس پی کے فعال مستحق گھرانوں کی تعداد ایک کروڑ 19 ہزار 633 تھی، آڈٹ نے مستحقین کے ڈیٹا اور اہلیت کی جانچ کا تجزیہ کرتے ہوئے پروگرام میں شمولیت کی غلط شرح 6.8 فیصد قرار دی جو مقررہ پانچ فیصد معیار سے زیادہ ہے، جبکہ اہل گھرانوں کے پروگرام میں شامل نہ ہونے کی شرح 13.27 فیصد بتائی گئی جو دس فیصد کے معیار سے بلند ہے، رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ وفاقی کابینہ کے 24 دسمبر 2019 کے فیصلے کے تحت سرکاری ملازمین اور ان کے شریک حیات کو پروگرام سے خارج کیا گیا تھا تاہم مالی سال 2024-25 کے دوران 12 ہزار 78 سرکاری ملازمین، پنشنرز یا ان کے شریک حیات کو مجموعی طور پر 515.712 ملین روپے ادا کیے گئے، بی آئی ایس پی انتظامیہ نے موقف اختیار کیا کہ ڈیٹا کا تجزیہ کیا گیا ہے اور اختیار کیا گیا ہے متعلقہ دفاتر کے ذریعے رقوم کی وصولی کی جائے گی، محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی نے مستحقین کو فوری طور پر بلاک کرنے اور غیر قانونی قرار دی گئی ادائیگیوں کی ریکوری کی ہدایت کی، رپورٹ کے مطابق 261 مستحقین یا ان کے شریک حیات کے بیرون ملک سفر کے باوجود 13.04 ملین روپے کی ادائیگیاں کی گئیں، بی آئی ایس پی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ پروگرام کے بورڈ نے اگست 2023 میں بیرون ملک سفر کی بنیاد پر نا اہلی کا لز ختم کرنے کی منظوری دی تھی تاہم آڈٹ حکام نے موقف اختیار کیا کہ بورڈ کا فیصلہ وفاقی کابینہ کی پالیسی ہدایت کو ختم نہیں کر سکتا، محکمانہ اکاؤنٹس کمیٹی نے بورڈ اجلاس کی کارروائی طلب کرتے ہوئے 261 کیسز کی فیلڈ میں تصدیق کا حکم دیا۔

بقیہ نمبر 18 ﴿قوم کی آواز﴾

آغا رحیم جعفری سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔تفصیلات کے مطابق ایڈووکیٹ ماجد علی بھائیو اور آغا رحیم جعفری مجلس میں شرکت کے بعد گاڑی میں واپس آ رہے تھے کہ پارسی کالونی کے قریب نامعلوم افراد نے ان کی گاڑی کو نشانہ بنایا۔فائرنگ سے گاڑی کے شیشے ٹوٹ گئے، جن کے ٹکڑے لگنے سے آغا رحیم جعفری معمولی زخمی ہوگئے، جبکہ ایک اور شخص بھی زخمی ہوا۔پولیس کے مطابق گاڑی ایڈووکیٹ ماجد علی بھائیو چلا رہے تھے۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور زخمیوں کو قریبی نجی اسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس نے جائے وقوعہ سے 30 بور پستول کے چار خول برآمد کر لیے ہیں۔کرائم سین یونٹ نے شواہد اکٹھے کیے، جبکہ اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج بھی حاصل کی جا رہی ہے۔پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں اور فائرنگ میں ملوث ملزمان کی تلاش کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 19 ﴿قوم کی آواز﴾

قرار دیا ہے۔نوجوانوں نے شہر کی ابتر صورتحال، بنیادی سہولیات کی کمی اور موجودہ انتظامی نظام پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔کراچی کے نوجوانوں کا کہنا ہے کہ کئی سال گزرنے کے باوجود شہر کے حالات میں بہتری نہیں آسکی۔یونیورسٹی روڈ کی تعمیر و مرمت کا کام 6 سے 7 سال گزرنے کے باوجود مکمل نہیں ہو سکا، جبکہ شہر کی بیشتر سڑکیں بدحالی کا شکار ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں ترقیاتی منصوبوں پر برسوں سے کام جاری ہے، لیکن منصوبے مکمل ہونے کا نام نہیں لے رہے، جس کے باعث شہریوں کو روزانہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔نوجوانوں نے مزید کہا کہ شہر میں نوجوانوں کے لیے روزگار کے مناسب مواقع موجود نہیں اور بہتر مستقبل کے لیے بھی ضروری سہولیات کا فقدان ہے۔ان کا مطالبہ تھا کہ مقامی آبادی کو اپنے علاقوں کے انتظامی معاملات چلانے کے اختیارات دیے جائیں تاکہ مسائل کے حل کے ساتھ متعلقہ حکام کی جوابدہی بھی یقینی بنائی جاسکے۔نوجوانوں کے مطابق موجودہ انتظامی ڈھانچے میں بہتری نہ آنے کے باعث چھوٹے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کے قیام پر غور ضروری ہوگیا ہے۔

بقیہ نمبر 20 ﴿قوم کی آواز﴾

واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ پختون اسٹوڈنٹس فیڈریشن (پی ایس ایف) کے بعض کارکنان تعلیمی اداروں میں بدامنی اور خوف و ہراس پھیلانے میں ملوث ہیں۔اسلامی جمعیت طلبہ کے مطابق یکم نومبر کو انٹر بورڈ میں کم نمبروں کے خلاف احتجاج کرنے والی طالبات کو مبینہ طور پر ہراساں کیا گیا، جبکہ طلبہ کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔اس سے قبل 30 ستمبر کو گورنمنٹ سٹی کالج پر بھی مبینہ حملہ کیا گیا، جس کے نتیجے میں طلبہ اور کالج انتظامیہ کے افراد متاثر ہوئے۔تنظیم کا کہنا ہے کہ چند روز قبل کالج پرنسپل کے ساتھ بدزبانی کا واقعہ بھی پیش آیا، جس کے ویڈیو شواہد موجود ہیں۔بیان میں مزید کہا گیا کہ گزشتہ برس سراج الدولہ کالج میں نقل کی روک تھام پر ایک استاد کے مبینہ اغوا کا معاملہ بھی سامنے آیا تھا۔اس کے علاوہ امتحانات کے دوران طلبہ سے رقوم لے کر نقل کروانے، نقل روکنے والی کالج انتظامیہ پر دباؤ ڈالنے اور انٹر بورڈ میں معمولی نوعیت کے فارموں کے عوض بھاری رقوم وصول کرنے کی شکایات بھی موجود ہیں۔اسلامی جمعیت طلبہ نے جعلی مارک شیٹس کی تیاری اور پیسوں کے عوض نمبروں میں اضافے جیسے سنگین الزامات کی بھی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں میں اس طرح کی سرگرمیاں طلبہ کے مستقبل اور تعلیمی نظام کی ساکھ کے لیے نقصان دہ ہیں۔تنظیم نے وزیراعلیٰ سندھ، وزیر تعلیم، چیئرمین انٹر بورڈ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ان تمام واقعات اور الزامات کی فوری اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں، ذمہ دار ثابت ہونے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے اور طلبہ، طالبات اور اساتذہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔اسلامی جمعیت طلبہ کراچی نے واضح کیا کہ تعلیمی اداروں کو تشدد، ہراسانی اور مبینہ نقل مافیا کی سرگرمیوں سے پاک کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے اور طلبہ کے تعلیمی مستقبل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 21 ﴿قوم کی آواز﴾

امریکی ٹیکنالوجی ادارے سسکو کے تعاون سے مکمل ہونے والا یہ منصوبہ پاکستان کے اہم مالیاتی بنیادی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔منصوبے کے تحت محفوظ، جدید اور لچکدار ڈیٹا سینٹر قائم کیا گیا ہے، جس کا مقصد مالیاتی نظام کے استحکام کو تحفظ فراہم کرنے کے ساتھ بلا تعطل اور قابل اعتماد ڈیجیٹل بینکاری خدمات کو یقینی بنانا ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے امریکی ناظم الامور نیٹلی بیکر نے کہا کہ جدید مالیاتی نظام کے استحکام کے لیے قابل اعتماد اور محفوظ ٹیکنالوجی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔انہوں نے پاکستان اور امریکہ کے درمیان بڑھتے ہوئے تجارتی روابط کو سراہتے ہوئے کہا کہ مرکزی بینک کا بنیادی ڈھانچہ قومی معیشت کے استحکام اور عوام کے اعتماد کا اہم محور ہے۔انہوں نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے امریکی صنعت اور ٹیکنالوجی پر اعتماد کا اظہار معیار، سیکیورٹی اور طویل المدتی پائیداری کی جانب اہم قدم ہے۔امریکہ پاکستان کے ساتھ اپنی دیرینہ تجارتی شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور پاکستانی اداروں کو امریکی جدت اور عالمی معیار کی ٹیکنالوجی سے منسلک کرنے کے لیے تعاون جاری رکھے گا۔اس موقع پر گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد اور سسکو کے کنٹری جنرل مینیجر کاشف الحق نے دونوں اداروں کی مشترکہ انجینئرنگ کاوشوں کو سراہا۔انہوں نے کہا کہ مرکزی بینک کی روزمرہ خدمات متاثر کیے بغیر جدید نظام کی تنصیب اور ڈیٹا کی منتقلی کا پیچیدہ عمل کامیابی سے مکمل کیا گیا۔تقریب کو نجی شعبے کے اشتراک، محفوظ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے فروغ اور پاکستان و امریکہ کے درمیان تجارتی و سرمایہ کاری روابط کو مزید مستحکم بنانے کے مشترکہ عزم کا اظہار قرار دیا گیا۔

بقیہ نمبر 22 ﴿قوم کی آواز﴾

نوجوان جاں بحق جبکہ دو زخمی ہو گئے۔ریسکیو حکام کے مطابق جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب پیش آنے والے حادثے میں موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوان شدید زخمی ہوئے، جنہیں اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم ایک نوجوان زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔ایدھی حکام کے مطابق جاں بحق نوجوان کی شناخت 20 سالہ صادق کے نام سے ہوئی، جبکہ زخمیوں میں 18 سالہ عبدالرزاق اور 18 سالہ احمد شامل ہیں، جنہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثے میں ملوث ڈبل کیبن گاڑی جائے وقوعہ پر موجود ہے، جبکہ پولیس واقعے کی مزید تحقیقات کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 23 ﴿قوم کی آواز﴾

پرایس ایس پی ڈسٹرکٹ کیماڑی سنگھار ملک نے ایس ایچ او پاک کالونی انسپکٹر فیصل گل کے خلاف انکوائری کا حکم دے دیا۔جاری کردہ حکمنامے کے مطابق 5 نومبر 2026 کو سوشل میڈیا پر ایک مبینہ آڈیو ریکارڈنگ سامنے آئی، جس میں مبینہ طور پر انسپکٹر فیصل گل اور کانسٹیبل بلال کو منشیات فروش کاشف عرف دادا کے ساتھ گفتگو کرتے ہوئے سنا جاسکتا ہے۔حکمنامے میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ گفتگو کے دوران منشیات فروش کے ساتھ بھائی بندی اور مصالحت کی کوشش کی گئی، جبکہ ماتحت کانسٹیبل کو منشیات فروش سے معافی مانگنے کی ہدایت بھی کی گئی۔ایس ایس پی کیماڑی نے اس عمل کو پولیس کے نظم وضبط کے لیے انتہائی نقصان دہ قرار دیتے ہوئے ایس ڈی پی او بلدیہ سب ڈویژن کو انکوائری افسر مقرر کیا ہے اور انہیں ہدایت کی ہے کہ سات روز کے اندر سفارشات کے ساتھ رپورٹ پیش کریں۔

بقیہ نمبر 24 ﴿قوم کی آواز﴾

حکام کے مطابق قیدی امجد کو سزائے موت سنائی گئی تھی جبکہ اس کی جانب سے رحم کی اپیل بھی دائر کی گئی تھی۔حکام کا کہنا ہے کہ امجد کے خلاف زیادتی کے مقدمات درج تھے۔قیدی کی ہلاکت کے بعد لاش سرد خانے منتقل کر دی گئی ہے۔قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد میت ورثا کے حوالے کر دی جائے گی۔جیل حکام واقعے کی مزید تحقیقات کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 25 ﴿قوم کی آواز﴾

کیلئے کردار ادا کرنے پر زور۔لاہور چیمبر آف کامرس میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینٹ نے کہا کہ ریاست اور کاروباری برادری کے درمیان تعلقات باہمی اعتماد، مشاورت اور مشترکہ ذمہ داری کی بنیاد پر استوار ہونے چاہئیں۔دریں اثناء چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے لاہور چیمبر میں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کاروباری برادری کو سینیٹ کی متعلقہ قائمہ کمیٹیوں، بالخصوص خزانہ، معاشیات، تجارت اور صنعت سے متعلق کمیٹیوں میں اپنے موقف اور تجاویز پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا۔مؤثر معاشی پالیسی سازی کے لیے تمام متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے مشاورت ضروری ہے۔چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ٹیکسوں کے مسائل، ریگولیٹری مشکلات، پالیسیوں میں عدم تسلسل اور کاروبار کی بڑھتی ہوئی لاگت کاروباری برادری کے حقیقی مسائل ہیں جن پر توجہ دینا ضروری ہے

بقیہ نمبر 26 ﴿قوم کی آواز﴾

عدالت نے معاملے کے جامع اور منصفانہ جائزے کے لیے حکومت پاکستان، وزارت تعلیم اور ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کو بھی مقدمے میں فریق بنانے کی ہدایت کر دی۔مقدمہ نمبر 1286/2026 کی سماعت کے دوران عدالت نے یونیورسٹی کے مالی معاملات میں قواعد وضوابط کی پابندی، مالی نظم وضبط اور شفافیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔وفاقی اردو یونیورسٹی کی جانب سے شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری، رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر سید عنایت علی شاہ، انچارج لیگل سیکشن ظفر غوری اور خزانچی محمد دانش احسان عدالت میں پیش ہوئے اور مقدمے میں معاونت کی۔یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق عدالت کی جانب سے اختیار کردہ اصولی موقف کو تسلیم کرنا ادارے کے مالی معاملات کو قانونی تقاضوں کے مطابق چلانے اور مختص فنڈز کے شفاف استعمال کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔اس موقع پر شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری نے عدالتی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی اردو یونیورسٹی کو قانون اور مالیاتی قواعد وضوابط کے مطابق چلانا ان کی اولین ترجیح ہے۔کسی بھی مد کے لیے مختص رقم کو اس کے مقررہ مقصد کے علاوہ استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، کیونکہ مالی وسائل کا درست اور شفاف استعمال تعلیمی ادارے کی ترقی اور استحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی کے اساتذہ، افسران، ملازمین اور طلبہ کے حقوق ومفادات کا تحفظ اور ادارے کے مالی و انتظامی امور میں شفافیت یقینی بنانا ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 27 ﴿قوم کی آواز﴾

چیمبرز کی بجلی دوسرے فیڈر پر منتقل کر دی گئی ہے اور بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی ہے۔درخواست گزار وکلا نے موقف اختیار کیا کہ دوپہر 12 سے 2 بجے اور شام 5 سے 6 بج کر 35 منٹ تک بجلی کی بندش کے باعث ان کے کام شدید متاثر ہو رہے ہیں۔کے الیکٹرک کے کوئی واجبات بھی باقی نہیں، اس کے باوجود انہیں ذہنی اذیت کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔درخواست میں مزید کہا گیا کہ کے الیکٹرک انتظامیہ سے متعدد بار رابطہ کرکے مطلوبہ معلومات بھی فراہم کی گئیں، تاہم کوئی فرق نہیں پڑا۔نیپرا کو بھی صورتحال سے آگاہ کیا گیا لیکن وہاں سے بھی دادرسی نہیں ہو سکی۔عدالت نے کے الیکٹرک کو 13 نومبر تک تحریری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ نمبر 28 ﴿قوم کی آواز﴾

کرنے کے لیے 20 نومبر کی تاریخ مقرر کر دی۔سماعت کے موقع پر اقرار الحسن اپنے وکلا کے ہمراہ عدالت میں پیش ہوئے۔عدالت نے ملزم کو مقدمے کی نقول فراہم کر دیں اور آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی۔واضح رہے کہ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت پہلے ہی نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) کے عبوری چالان کو حتمی قرار دے چکی ہے۔اقرار الحسن کے خلاف سوشل میڈیا پر ریاست مخالف مواد کی تشہیر کا مقدمہ این سی آئی اے نے درج کر رکھا ہے، جبکہ وہ اس مقدمے میں ضمانت پر ہیں۔

بقیہ نمبر 29 ﴿قوم کی آواز﴾

کرنا ضروری ہے۔کول مائننگ کے متاثرین سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تھر کول کی آمدنی سے مقامی آبادی کو فائدہ پہنچایا جائے گا۔مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔تھر کے متاثرہ علاقوں کے مکینوں نے حکومتی اقدامات پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا کہ بڑے توانائی منصوبوں کے باوجود مقامی لوگ روزگار، آلودگی اور بنیادی سہولیات کی کمی کا سامنا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تھر کول کے منصوبوں کے باعث مقامی آبادی کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ تقریباً 4,500 آبادی والے علاقوں کے قریب بڑے توانائی منصوبے قائم ہیں۔مقامی آبادی کے تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے بھی اقدامات کیے جائیں گے۔انہوں نے تھر کے لوگوں کو درپیش مسائل اور خاص طور پر صاف پانی کی فراہمی کو اہم قرار دیا۔اس موقع پر مقامی افراد نے روزگار کے مواقع، بنیادی سہولیات اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے اپنے مطالبات پیش کیے

بقیہ نمبر 30 ﴿قوم کی آواز﴾

ساتھ دینے، ہمدردی اور تعاون کی یقین دہانی کرانے پر سندھ بھر کے نوابوں، سرداروں، قبائلی عمائدین، معزز شخصیات، بھٹو برادری کے معززین، اپنے علاقے کے لوگوں اور پڑوسیوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔اپنے بیان میں سردار امیر بخش خان بھٹو نے کہا کہ وہ ان تمام افراد کے انتہائی شکر گزار ہیں جنہوں نے مشکل وقت میں ان کا ساتھ دیا اور آئندہ بھی ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ وہ بھی ہمیشہ اپنے خیر خواہوں اور ساتھ دینے والوں کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔انہوں نے اپنی برادری، قوم اور ہمدردوں کو ہدایت کی کہ جب تک میر پور بھٹو بنگلے کے فون نمبر یا ان کے منیجر وحید میرانی کے ذاتی موبائل نمبر سے کوئی ہدایت جاری نہیں ہوتی، کوئی بھی قدم نہ اٹھایا جائے۔انہوں نے خبردار کیا کہ غیر مصدقہ ہدایات پر عمل کرنے سے شرپسند عناصر غلط فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اس لیے تمام افراد صبر وتحمل کا مظاہرہ کریں اور باضابطہ ہدایات کا انتظار کریں۔

بقیہ نمبر 31 ﴿قوم کی آواز﴾

دوران کی جانے والی ہوائی فائرنگ سے ایک گھر کی چھت پر سوئے ہوئے 9 سالہ ازان کے سینے میں گولی لگ گئی، جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا۔زخمی بچے کو تشویشناک حالت میں جناح اسپتال منتقل کیا جا رہا تھا کہ وہ راستے میں ہی دم توڑ گیا۔ایس ایچ او کے مطابق پولیس نے موقع پر پہنچ کر بارات کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور کوسٹ گارڈ چورنگی کے قریب واقع ایک شادی ہال پر چھاپہ مار کر دولہا کو حراست میں لے لیا۔پولیس فائرنگ کرنے والے شخص کی شناخت اور گرفتاری کے لیے مزید معلومات حاصل کر رہی ہے۔

بقیہ نمبر 32 ﴿قوم کی آواز﴾

میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستان ایڈورٹائزنگ ایسوسی ایشن (PAS) کے زیر اہتمام ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن (WOO) کے اشتراک سے منعقد کانفرنس کا عنوان LifeReallBeUnskippable تھا جس کا افتتاح برطانوی ڈپٹی ہائی کمیشن کراچی کے ڈپٹی ہیڈ آف مشن ٹام برج نے کیا، ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن کے صدر ٹام گوڈارڈ بھی موجود تھے، کانفرنس میں پاکستان اور بیرون ملک سے تعلق رکھنے والے اشتہاری صنعت کے ماہرین، مارکیٹنگ کے شعبے کی اہم شخصیات، میڈیا اداروں کے نمائندوں اور عالمی آؤٹ آف ہوم انڈسٹری کی قیادت نے شرکت کی، مختلف سیشنز میں اس بات کا جائزہ لیا گیا کہ جدید ٹیکنالوجی، ڈیٹا اور تخلیقی حکمت عملی کے ذریعے عوامی مقامات پر اشتہارات؟ کو کس طرح زیادہ مؤثر بنایا جا سکتا ہے، کانفرنس کے دوران ThaBrands StreetOwnthe "OffTheCityNeverLogs" CanOffLookAwaytWhyBrands جیسے عنوانات سے تین اہم پینل مباحث بھی منعقد ہوئے جن میں عوامی مقامات پر برانڈز کی تشہیر، بدلتے ہوئے اشتہاری رجحانات اور شہروں کو جدید تشہیری ذرائع کے طور پر استعمال کرنے کے امکانات زیر بحث آئے، مباحثوں میں ڈیجیٹل آؤٹ آف ہوم اشتہارات، پروگرامٹک ایڈورٹائزنگ، ڈیٹا کی بنیاد پر اشتہاری منصوبہ بندی اور اسمارٹ شہروں کے کی بنیاد اور تصور پر بھی گفتگو کی گئی، شرکا کا کہنا تھا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر اشتہارات کی بڑھتی ہوئی تعداد کے باوجود حقیقی دنیا میں عوامی مقامات پر تشہیر کی اہمیت برقرار ہے تاہم مؤثر نتائج کے لیے جدید ٹیکنالوجی، تخلیقی صلاحیتوں اور صارفین کے رویوں کو مد نظر رکھنا ضروری ہے، ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن کے صدر ٹام گوڈارڈ نے کہا کہ میڈیا مالکان، اشتہاری اداروں، مارکیٹرز اور خدمات فراہم کرنے والے اداروں کی ایک پلیٹ فارم پر شرکت خوش آئند ہے، کائن بینک پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ورلڈ آؤٹ آف ہوم آرگنائزیشن کے پاکستان ایمبیڈ راحسن شیخ نے کہا کہ آئی آر ایل کانفرنس پاکستان کی آؤٹ آف ہوم اشتہاری صنعت کے لیے اہم سنگ میل ہے، اس طرح کے اجتماعات سے مقامی صنعت کو عالمی رہنماؤں کے ساتھ روابط قائم کرنے، نئے خیالات کے تبادلے اور پیشہ ورانہ معیار بہتر بنانے کے مواقع ملتے ہیں۔

بقیہ نمبر 33 ﴿قوم کی آواز﴾

حراست مسافر کی شناخت شہاب حسین ولد یوسف علی، رہائشی کوئٹہ کے نام سے ہوئی ہے، جو آسٹریلوی شہری اہلیہ کی جانب سے اسپانسر کردہ پارٹنر ویزا پر پرواز UL184 کے ذریعے آسٹریلیا روانہ ہو رہا تھا۔امیگریشن حکام نے مسافر کے سفری ریکارڈ کی جانچ پڑتال کی تو انٹیگریٹڈ بارڈر مینجمنٹ سسٹم (IBMS) میں پاکستان سے اس کی روانگی کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں تھا، جبکہ دستیاب ریکارڈ کے مطابق اس کی پہلی انٹری 2 ستمبر 2020 کو اسلام آباد آمد کی تھی، جو ایمرجنسی پاسپورٹ پر درج تھی۔ابتدائی تفتیش میں مسافر نے بتایا کہ وہ افغانستان کے راستے دبئی اور بعد ازاں بھارتی پاسپورٹ پر انڈونیشیا گیا تھا، جہاں اس نے خود کو بھارتی شہری ظاہر کرکے پناہ کی درخواست جمع کرائی تھی۔حکام نے اس کے قبضے سے 2018 کا اقوام متحدہ کے ادارہ برائے مہاجرین (UNHCR) کا کارڈ اور پناہ کی درخواست بھی برآمد کی ہے۔ایف آئی اے کے مطابق مزید تحقیقات میں انکشاف ہوا کہ وطن واپسی کے بعد مسافر نے نیا پاکستانی پاسپورٹ، قومی شناختی کارڈ، لوکل سرٹیفکیٹ اور پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کیے، تاہم ان دستاویزات میں بیرون ملک قیام اور سفر کی تفصیلات ظاہر نہیں کی گئیں۔پاسپورٹ گم ہونے سے متعلق اس کی جانب سے جمع کرایا گیا حلف نامہ بھی تحقیقات کا حصہ ہے۔ترجمان کے مطابق مسافر کی اہلیہ، جو آسٹریلوی پارٹنر ویزا کی اسپانسر بھی ہیں، کی شناخت اور سفری دستاویزات میں بھی تضادات سامنے آئے ہیں۔ان میں پاکستانی قومی شناختی کارڈ، افغان پاسپورٹ اور آسٹریلوی پاسپورٹ پر درج کوائف شامل ہیں، جن کی جانچ پڑتال جاری ہے۔ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے مسافر کو برآمد ہونے والی دستاویزات اور متعلقہ سفری ریکارڈ سمیت قانونی کارروائی اور مزید تحقیقات کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی منتقل کر دیا ہے۔ترجمان کا کہنا ہے کہ ادارہ انسانی اسمگلنگ، شناختی جعل سازی اور غیر قانونی سفری سرگرمیوں کی روک تھام کے لیے کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ نمبر 34 ﴿قوم کی آواز﴾

ہراساں کرنے کے حوالے سے سوالات اٹھنے لگے ہیں۔دستیاب سرکاری ریٹائرمنٹ آرڈر کے مطابق ہیڈ کانسٹیبل محمد نوید ولد محمد ارشاد کو 5 مئی 2026ء سے عمر کی حد پوری ہونے پر ریٹائرمنٹ دینے کی منظوری دی گئی تھی۔آرڈر میں واضح کیا گیا ہے کہ وہ 4 مئی 2026 کو ملازمت کی مقررہ عمر پوری کر رہے ہیں، جبکہ انہیں 365 دن کی رخصت کی تنخواہ یکمشت ادا کرنے کی بھی منظوری دی گئی تھی۔دستاویز کے مطابق مذکورہ اہلکار کو 24 دسمبر 2025ء کو ہیڈ کانسٹیبل کے عہدے پر ترقی دی گئی تھی اور ریٹائرمنٹ کا حکم ایس ایس پی اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل کراچی کی جانب سے جاری کیا گیا تھا۔تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ ریٹائرمنٹ کی مقررہ تاریخ گزرنے کے باوجود مذکورہ اہلکار مبینہ طور پر اینٹی وہیکل لفٹنگ سیل میں کام کر رہے ہیں اور لوگوں کو مبینہ طور پر تنگ اور ہراساں کیا جا رہا ہے۔اس صورتحال نے پولیس کے اعلیٰ حکام کی توجہ کے لیے کئی سوالات کھڑے کر دیے ہیں کہ اگر متعلقہ اہلکار ریٹائر ہو چکے ہیں تو وہ کس حیثیت میں ڈیوٹی انجام دے رہے ہیں؟ کیا انہیں کسی باقاعدہ حکم نامے کے تحت دوبارہ تعینات کیا گیا ہے یا وہ کسی سرکاری اجازت کے بغیر کام کر رہے ہیں؟

بقیہ نمبر 35 ﴿قوم کی آواز﴾

سالہ نوجوان کی پھندا لگی لاش گھر سے برآمد ہوئی، جسے ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت محمد رضا ولد منصور احمد کے نام سے ہوئی ہے۔نوجوان کی لاش مکان نمبر 366/5 سے ملی۔ابتدائی معلومات کے مطابق نوجوان نے گھریلو پریشانی کے باعث خودکشی کی، تاہم پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ نمبر 36 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوگا۔ایف بی آر کی جانب سے متعارف کرائے گئے نئے رول 160 کے تحت رجسٹرڈ کاروباری افراد کو سامان کی فراہمی سے پہلے ایڈوانس رقم وصول ہونے پر سیلز ٹیکس انوائس جاری کرنا ہوگی۔اگر رقم مکمل یا قسطوں میں وصول کی جائے تو ہر ادائیگی کی الگ انوائس بنانا اور اسے پہلے جاری کردہ انوائسز کے ساتھ الیکٹرانک طور پر منسلک کرنا ضروری ہوگا۔نئے قواعد کے مطابق سامان کی حتمی سپلائی کے وقت مکمل سیلز ٹیکس انوائس جاری کی جائے گی، جس میں پہلے وصول کیے گئے ایڈوانس اور اس پر ادا شدہ ٹیکس کی تفصیلات بھی درج ہوں گی۔ایڈوانس رقم پر پہلے ادا کیا گیا سیلز ٹیکس دوبارہ وصول نہیں کیا جائے گا۔قواعد کے تحت ایڈوانس پر ٹیکس کی شرح رقم وصول ہونے کے وقت نافذ شرح کے مطابق، جبکہ باقی سپلائی پر ٹیکس کی شرح سامان فراہم کیے جانے کے وقت لاگو شرح کے مطابق ہوگی۔ایف بی آر کے مطابق سامان کی مالیت میں تبدیلی، رقم کی واپسی یا سپلائی منسوخ ہونے کی صورت میں ٹیکس ریکارڈ میں ضروری رد و بدل کرنا ہوگا۔نئے نظام کے تحت ایڈوانس انوائسز، ڈیبٹ اور کریڈٹ نوٹس سمیت حتمی انوائس کا الیکٹرانک ریکارڈ منسلک رکھنا بھی لازمی قرار دیا گیا ہے، جس کا مقصد ٹیکس معاملات میں شفافیت اور نگرانی کو بہتر بنانا ہے۔

بقیہ نمبر 37 ﴿قوم کی آواز﴾

اسکول وین حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں تین بچے اور ڈرائیور زخمی ہوگئے۔ریسکیو حکام کے مطابق اسکول وین الٹنے کے باعث اس میں سوار تین بچے اور ڈرائیور زخمی ہوئے، جنہیں فوری طور پر عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔حادثے میں وین کو بھی شدید نقصان پہنچا۔حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی شارع فیصل پر ناتھا خان پل سے قبل ایک اسکول وین حادثے کا شکار ہوئی تھی، جہاں ریوو ڈالے کی مبینہ غفلت کے باعث متعدد گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئی تھیں۔تاہم وین ڈرائیور کی حاضر دماغی کے باعث اس میں سوار بچے محفوظ رہے تھے۔

بقیہ نمبر 38 ﴿قوم کی آواز﴾

خاتمے کے لیے ہر ممکن اقدامات کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔حفیظ عزیز نے کہا کہ کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ہمیشہ تاجروں کی بہتری کے لیے اہم کردار ادا کیا ہے۔ان کی مسلسل قیادت اور قابل قدر خدمات سے تاجر برادری اور کاروباری حلقوں کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی

بقیہ نمبر 39 ﴿قوم کی آواز﴾

نے ان خیالات کا اظہار اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء کی رہائش گاہ پر ان کے والد کے انتقال پر تعزیت اور مرحوم کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کے موقع پر کیا۔ترک سفیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے دفاعی تعلقات انتہائی مضبوط ہیں، تاہم دونوں ممالک کو تجارتی اور سرمایہ کاری روابط مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے۔انہوں نے دونوں ممالک کے تاجروں کے درمیان براہ راست روابط کے فروغ کے لیے شعبہ جاتی کاروباری وفود کے تبادلوں کی تجویز دی اور اس سلسلے میں ترک سفارت خانے کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اس موقع پر آئی سی سی آئی کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیاء نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان بہتر علاقائی رابطوں، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صنعتی تعاون کے ذریعے دوطرفہ اقتصادی تعلقات کی حقیقی صلاحیت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔انہوں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان ریلوے رابطے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے سے دوطرفہ تجارت کو فروغ ملے گا اور پاکستانی مصنوعات کی علاقائی و عالمی منڈیوں تک ترسیل کے لیے ایک مؤثر تجارتی راہداری میسر آئے گی۔انہوں نے ویسٹ ری سائیکلنگ اور کچرے سے توانائی پیدا کرنے کے منصوبوں میں ترکیہ سے تکنیکی تعاون کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پاکستان سستی توانائی پیدا کرنے کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی اور ویسٹ مینجمنٹ کے مسائل پر بھی قابو پا سکتا ہے۔ترکیہ کے کمرشل قونصلر الیس ملک چیتن، آئی سی سی آئی کے نائب صدر محمد وقاص خان سواتی، سینئر رکن مظہر حسین تھتھال اور لیاقت علی تھتھال نے بھی اظہار خیال کرتے ہوئے دونوں ممالک کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری، کاروباری روابط اور ادارہ جاتی تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 40 ﴿قوم کی آواز﴾

ہوئی عالمی معیشت اور جدید ٹیکنالوجی کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوسکیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقدہ 16 ویں بین الاقوامی سول انجینئرنگ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ناصر حسین شاہ نے کہا کہ آج کا دور علم، تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی کا دور ہے، جس میں کسی بھی ملک اور معاشرے کی ترقی کا انحصار اس بات پر ہے کہ وہ اپنے نوجوانوں کو جدید علوم اور پیشہ ورانہ مہارتوں سے کس حد تک آراستہ کرتا ہے۔سندھ حکومت اس حقیقت سے بخوبی آگاہ ہے کہ اعلیٰ تعلیم کے ادارے محض ڈگریاں دینے کے مراکز نہیں بلکہ قومی ترقی، معاشی استحکام اور سماجی تبدیلی کے اہم ستون ہیں۔انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرکاری جامعات کو مالی معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے بنیادی ڈھانچے کی ترقی، جدید تعلیمی سہولیات کی فراہمی، تحقیقی سرگرمیوں اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کے لیے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔گوگل اور دیگر بین الاقوامی شراکت داروں کے تعاون سے شروع کیے گئے پروگرام بھی اسی وسیع تر حکمت عملی کا حصہ ہیں، جن کا مقصد نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل معیشت کے لیے تیار کرنا اور انہیں عالمی سطح پر روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع سے مستفید ہونے کے قابل بنانا ہے۔وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ ہمارا اولین ہدف سندھ کے طلبہ، اساتذہ اور محققین کو مصنوعی ذہانت، جدید انجینئرنگ، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی اور دیگر ابھرتے ہوئے شعبوں میں آگے بڑھنے کے بھرپور مواقع فراہم کیے جائیں۔نوجوانوں کو صرف مقامی ضروریات تک محدود رکھنے کے بجائے ایسی تعلیم اور تربیت فراہم کرنا ضروری ہے جس کے ذریعے وہ بین الاقوامی سطح پر بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں۔انہوں نے کہا کہ انجینئرنگ اور سول انجینئرنگ کا شعبہ کسی بھی ملک کی معاشی اور بنیادی ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔سڑکوں، پلوں، عمارتوں، آبی وسائل، نکاسی آب، شہری منصوبہ بندی اور جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر میں انجینئرز کی مہارت ناگزیر ہے، جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں، شہری آبادی میں اضافے، پانی کی قلت اور قدرتی آفات جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جدید سائنسی تحقیق اور پائیدار انجینئرنگ حل وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ناصر حسین شاہ نے کہا کہ پاکستان کو درپیش بنیادی ڈھانچے کے مسائل کا حل روایتی طریقہ کار کے بجائے جدید تحقیق، سائنسی بنیادوں پر منصوبہ بندی اور جدید ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال میں پوشیدہ ہے۔جامعات اور تحقیقی اداروں کو چاہیے کہ وہ اپنے تحقیقی کام کو عملی ضروریات سے منسلک کریں تاکہ ان کے نتائج عام شہریوں کی زندگی کو بہتر بنانے اور قومی ترقی میں براہ راست معاون ثابت ہوں۔انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی کانفرنسز کے انعقاد سے نہ صرف مقامی اور عالمی ماہرین کو ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ کرنے کا موقع ملتا ہے بلکہ تحقیق، علمی تبادلے اور مشترکہ منصوبوں کے نئے راستے بھی کھلتے ہیں۔ایسی کانفرنسز پاکستان کے انجینئرنگ شعبے کو عالمی معیار سے ہم آہنگ کرنے اور جدید سائنسی رجحانات سے فائدہ اٹھانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔وزیر بلدیات نے کہا کہ شہید محترمہ بےنظیر بھٹو کا تعلیمی وژن بھی ہمارے لیے رہنمائی کا ذریعہ ہے۔انہوں نے اعلیٰ تعلیم، سائنسی ترقی، خواتین کی تعلیم اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے پر خصوصی توجہ دی۔آج بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت تعلیم، جدید ٹیکنالوجی اور نوجوانوں کی ترقی کو قومی ترجیحات میں اہم مقام دیتی ہے۔چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کی جانب سے تعلیم، جدید ٹیکنالوجی اور نوجوان نسل کی ترقی کے حوالے سے دی جانے والی ہدایات خصوصی اہمیت رکھتی ہیں۔بلاول بھٹو زرداری کا وژن ہے کہ نوجوانوں کو مستقبل کے تقاضوں کے مطابق جدید علوم اور مہارتوں سے آراستہ کیا جائے تاکہ وہ ملک کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے ساتھ عالمی سطح پر بھی پاکستان کی نمائندگی کر سکیں۔ناصر حسین شاہ نے امید ظاہر کی کہ 16 ویں بین الاقوامی سول انجینئرنگ کانفرنس بامعنی علمی مباحثوں، جدید تحقیقی نتائج اور مؤثر تجاویز کو فروغ دے گی۔انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی کانفرنسز کا تسلسل سے انعقاد پاکستان کو درپیش انجینئرنگ اور بنیادی ڈھانچے کے مسائل کے حل کے لیے جدید، قابل عمل اور دیرپا تجاویز سامنے لانے میں مددگار ثابت ہوگا۔انہوں نے این ای ڈی یونیورسٹی کی انتظامیہ، منتظمین، اساتذہ، محققین اور کانفرنس میں شریک ملکی و غیر ملکی ماہرین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ تعلیمی اداروں، حکومت اور نجی شعبے کے درمیان مضبوط اشتراک ہی علم کو عملی ترقی میں تبدیل کرنے کا مؤثر ذریعہ ہے۔

بقیہ نمبر 41 ﴿قوم کی آواز﴾

اقدامات لمیٹڈ کے سربراہ محمد زوہیب خان نے کہا کہ اس خطے میں ڈیجیٹل صلاحیتوں کا وسیع ذخیرہ موجود ہے، جس سے بہتر انفراسٹرکچر، متعلقہ مہارتوں کی ترقی اور حکومت، تعلیمی اداروں اور صنعت کے درمیان مضبوط تعاون کے ذریعے بھرپور فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔وہ صنعت اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط اور گریجویٹس کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے موضوع پر منعقدہ ایک اجلاس سے خطاب کر رہے تھے، جس کا اہتمام P@SHA نے برٹش کونسل کے تعاون سے یورپی یونین کے ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (TVET) سیکٹر سپورٹ پروگرام کے تحت کیا تھا۔زوہیب خان نے تیز رفتار اور بلا تعطل انٹرنیٹ کی فراہمی کو خطے کے آئی ٹی شعبے کی ترقی کے لیے بنیادی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کی کمی نوجوان پیشہ ور افراد کو عالمی منڈیوں اور روزگار کے مواقع تک رسائی سے محروم کر سکتی ہے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ یونیورسٹیوں اور ٹی وی ای ٹی کے نصاب کو آئی ٹی برآمدات کی صنعت کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق بنایا جائے تاکہ فارغ التحصیل طلبہ کے پاس وہ مہارتیں موجود ہوں جن کی آجروں کو ضرورت ہے۔P@SHA، گلگت بلتستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (GBSHA) کے ساتھ مل کر پالیسی سازی، مہارتوں کی ترقی، برآمدات کے فروغ اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔فورم میں زوہیب خان کے علاوہ قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی کے قائم مقام وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق، گلگت بلتستان کے سیکریٹری آئی ٹی ضمیر عباس، P@SHA کی سابق سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کی رکن نادیہ اقبال اور دیگر شخصیات نے شرکت کی۔P@SHA کے چیئرمین ڈاکٹر شعیب احمد خان نے کہا کہ پاکستان کے آئی ٹی برآمدات کے اہداف صرف بڑے شہری مراکز پر انحصار کرتے ہوئے حاصل نہیں کیے جاسکتے۔انہوں نے گلگت بلتستان جیسے پسماندہ علاقوں کو قومی ڈیجیٹل معیشت میں شامل کرنے کو ایک اہم اسٹریٹجک ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی اداروں، خصوصاً یورپی یونین اور برٹش کونسل کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے تسلیم شدہ اور مارکیٹ کی ضروریات سے ہم آہنگ تکنیکی مہارتوں کی ترقی میں مدد مل رہی ہے

بقیہ نمبر 42 ﴿قوم کی آواز﴾

کے بعد 6 شعبوں (SolutionsEnergyClean) صاف توانائی کے حل (CirculaEconomy) (سرکلر اکانومی) (Technology) (ٹیکنالوجی میں جدت، (EmpoweringWomen) (خواتین کو بااختیار بنانا) اور منفرد خیالات (TransportationMobility) نقل وحمل اور نقل وحرکت (IdeasInnovation) (Bright) میں 300 حتمی امیدواروں کا انتخاب کیا گیا، جوں نے ہر منصوبے کی کاروباری صلاحیت اور حقیقی مسائل حل کرنے کی استعداد کا جائزہ لیتے ہوئے 6 شعبوں میں کامیاب امیدواروں اور رنرز آپ کا انتخاب کیا، وانی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر زبیر شیخ نے کہا کہ ''پاکستان کی مستقبل کی معاشی ترقی کا انحصار کسی حد تک ایسے نوجوان کاروباری افراد پر ہوگا جو حقیقی مسائل حل کرنے اور نئے مواقع پیدا کرنے والے کاروبار قائم کریں گے، اس سال کے حتمی امیدواروں کی صلاحیت اور عزم نے ملک کے مستقبل کے حوالے سے ہمارے اعتماد کو مزید مضبوط کیا ہے، وانی انرجی پاکستان لمیٹڈ نوجوانوں کی اس صلاحیت کو پروان چڑھانے میں سرمایہ کاری پر یقین رکھتا ہے، وانی انرجی پاکستان لمیٹڈ کے ڈائریکٹر موسیلیٹی حبیب حیدر کا کہنا تھا کہ امسال ہمیں پاکستان بھر سے 700 سے زائد درخواستیں موصول ہوئیں جبکہ گزشتہ سال یہ تعداد 450 سے زیادہ تھی، 13 ویں تعمیر ایوارڈز 2026 کے فاتحین کا اعلان 6 مختلف شعبوں میں کیا گیا جن میں مختلف مسائل کے حل پیش کرنے والے اختراعی کاروباری منصوبوں کو سراہا گیا، کلین انرجی سلوشنز کے شعبے میں شوکت حسین کو آس سماک فارم ایس ایم سی پرائیویٹ لمیٹڈ Limited Private (SMCFarmSammakAS) کے لیے ایوارڈ دیا گیا، مجتبیٰ بلال کے کاروبار کوان ٹیفائی (Quantif) نے رنرز آپ کا اعزاز حاصل کیا، سرکلر اکانومی کا ایوارڈ ڈاکر حسین کو ایچ اے ایس ہینڈی کرافٹس (HandicraftsHAS) کے لیے دیا گیا، صالحہ شاہ کے کاروبار رینٹ اٹ (ItRent) نے رنرز آپ کا اعزاز حاصل کیا، خواتین کو بااختیار بنانے کے شعبے میں سحرش و قاص کو داستان زمان (Dastaan-e-Rumaan) کے لیے ایوارڈ سے نوازا گیا، ڈاکٹر خولہ عبدالصبور کے ادارے دی پلے کمپنی (TheCoPla) نے رنرز اپ کا اعزاز حاصل کیا، برائٹ آئیڈیاز کے شعبے میں ڈاکٹر عثمان علاؤالدین کو (پاک 'PakistanIndigenousPAKHYDRO' ہائیڈرو انڈی جنس پاکستانز پائیڈرو جن جنریشن سسٹم (Electrolysis کے لیے فاتح قرار دیا گیا، یہ الیکٹرولائسز (GenerationHydrogenSystem) کے ذریعے ہائیڈروجن تیار کرنے کا کم لاگت اور مقامی سطح پر تیار کردہ نظام ہے اس شعبے میں شوال زاہد کے ادارے علاج گھر (GharElaj) نے رنرز آپ کا اعزاز حاصل کیا، ٹیکنالوجی میں جدت کے شعبے میں محمد اسامہ امین کو ڈی ایم نیبولا (ایس ایم سی پرائیویٹ) لمیٹڈ Private_SMCLimited (Nebula) کے لیے ایوارڈ دیا گیا۔

بقیہ نمبر 43 ﴿قوم کی آواز﴾

پاکستان خطے میں امن اور استحکام کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا علاقائی امن صرف پاکستان ہی نہیں بلکہ پورے خطے اور اس سے باہر کے ممالک کے مفاد میں ہے۔بھارتی پنجاب کے وزیراعلیٰ کی جانب سے پاکستان کے دورے کی خواہش سے متعلق ایک سوال میں سجاد حیدر خان نے کہا کہ بھارتی پنجاب کے وزیراعلیٰ کو پاکستان کے دورے کے لیے بھارتی حکومت کو دینی ہے، پاکستان نے بھارتی شہریوں کے ویزے نہیں روک رکھے، رواں برس کے پہلے 6 ماہ میں مزید 4 ہزار سکھ یاتریوں کو پاکستان کے ویزے جاری کیے گئے، 2025ء میں پاکستان نے بھارتی یاتریوں کو 9 ہزار 318 ویزے جاری کیے جبکہ 9 ہزار سکھ اور 248 ہندو یاتریوں نے پاکستان کا دورہ کیا، مئی 2025 کے بعد بھارت نے کرتار پور راہداری کے ذریعے یاتریوں کی آمد و رفت معطل کر رکھی ہے، بھارت کی جانب سے پابندیاں ختم ہوتی ہیں تو پاکستان سکھ یاتریوں کے استقبال اور سہولت کاری کے لیے تیار ہے، پاکستان بابا گرونانک دیوجی کے 557 ویں جنم دن تقریبات کے لئے سکھ یاتریوں کے استقبال کا منتظر ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کی دعوت نامہ موصول ہوا ہے، اجلاس 20 تا 22 نومبر نئی دہلی میں شیڈول ہے جس میں شرکت کا فیصلہ قیادت ادارہ جاتی مشاورت کے بعد کرے گی۔سجاد حیدر خان نے مطلع کیا کہ پاکستان کی روایتی ہتھیاروں کے کنٹرول سے متعلق قرارداد کو 180 ووٹوں سے منظور ہوئی، پاکستانی قرارداد تحمل، توازن اور مذاکرات پر زور دیتی ہے، جس کا مقصد علاقائی تنازعات کے خطرات کم کرنا ہے، صرف دو ممالک بھارت اور اسرائیل نے قرارداد کی مخالفت کی جو کہ ان ممالک کی پالیسیوں کے بارے میں بہت کچھ بتاتی ہے ان دو ممالک کے منفی ووٹ بین الاقوامی امن واستحکام سے متعلق ان کے وعدوں کی سنجیدگی پر سنگین سوالات اٹھاتے ہیں اور منفی ووٹنگ علاقائی عدم استحکام کے بنیادی محرک کی ذہنیت کو بھی ظاہر کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 44 ﴿قوم کی آواز﴾

۔وہیل کو کراچی سے تقریباً 40 ناٹیکل میل جنوب مغرب میں دیکھا گیا۔ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے تکنیکی مشیر محمد معظم خان کے مطابق سندھ کے ساحلی سمندر میں اسپرم وہیل کا یہ پہلا ریکارڈ شدہ مشاہدہ ہے، اس سے قبل اس نوع کی وہیل کی موجودگی بلوچستان کے ساحل کے قریب ریکارڈ کی گئی تھی۔انہوں نے بتایا کہ اسپرم وہیل کو ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے بورڈ ممبر زاہد میکری کی سمندری مہم کے دوران دیکھا گیا۔اس موقع پر بنائی گئی ویڈیو میں وہیل کا مخصوص سانس لینے کا سوراخ، جلد پر نشانات اور نمایاں کوہان بھی ریکارڈ کیے گئے۔ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے مطابق پاکستان کے سمندری پانیوں میں وہیل اور ڈولفن سمیت سمندری حیات کی غیر معمولی اقسام پائی جاتی ہیں، جبکہ پاکستانی سمندری حدود میں وہیل اور ڈولفن کی 26 اقسام ریکارڈ کی جا چکی ہیں۔ان میں بلیو وہیل، برائیڈز وہیل اور عربین ہمپ بیک وہیل بھی شامل ہیں۔ماہرین کے مطابق اسپرم وہیل خوراک کی تلاش میں عموماً 300 سے 800 میٹر گہرائی تک غوطہ لگاتی ہے، تاہم بعض اوقات ایک سے دو کلومیٹر گہرائی تک بھی پہنچ سکتی ہے۔ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان کے مطابق سمندری آلودگی، ماہی گیری کے جالوں میں پھنسنے اور بحری جہازوں سے ٹکرانے کے باعث وہیل کو مختلف خطرات لاحق ہیں۔پاکستان کی سمندری حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات اور ذمہ دارانہ ماہی گیری ناگزیر ہے۔ادارے نے سمندری حیات کے تحفظ، تحقیق اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا ہے۔

بقیہ نمبر 45 ﴿قوم کی آواز﴾

گیا ہے۔نئے بلاک کی او پی ڈی فعال ہونے سے مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔سرکاری اسپتالوں میں صحت کی سہولیات کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور شہریوں کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا بلدیہ عظمیٰ کراچی کی ترجیحات میں شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ نئے بلاک میں خصوصی بچوں کے لیے علیحدہ انتظام کیا جائے گا، جبکہ وزیراعلیٰ سندھ کے تعاون سے اسپتال میں خصوصی بچوں کے لیے الگ بلاک تعمیر کیا جائے گا۔ترقیاتی کاموں کی تکمیل کا وعدہ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کیا تھا، جسے پورا کیا جا رہا ہے۔ادویات کی فراہمی کے حوالے سے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ جب عام مریضوں کو اسپتال سے ادویات نہیں ملتیں تو پروکیورمنٹ کا کیا فائدہ؟ انہوں نے فیصلہ کیا ہے کہ جب تک ادویات کی فراہمی کا مؤثر نظام تشکیل نہیں دیا جاتا، اس وقت تک ادویات کی خریداری نہیں کی جائے گی۔ایک مبینہ معاملے کی انکوائری سے متعلق انہوں نے کہا کہ اس کی نشاندہی سب سے پہلے میڈیا نے کی، جس کے بعد فوری کارروائی کرتے ہوئے چھاپہ مارا گیا اور اہم شواہد سامنے آئے۔گریڈ 18 کے سول افسر حنان بھٹو معاملے کی انکوائری کر رہے ہیں، رپورٹ مکمل ہونے کے بعد تفصیلات میڈیا کے ساتھ شیئر کی جائیں گی۔اگر اس معاملے میں ان کی شمولیت بھی ثابت ہوئی تو ان کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے۔ابتدائی طور پر ذمہ داری سامنے آنے کے بعد پران کے حکم سے ایک شخص کو معطل کیا گیا ہے، جبکہ رپورٹ آنے کے بعد تمام ملوث افراد کے خلاف کارروائی ہوگی۔میئر کراچی نے بتایا کہ محکمہ صحت اور میڈیکل کے حوالے سے مزید انکوائریز بھی جاری ہیں۔سابق میئر مصطفیٰ کمال کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ وہ ان کے لیے قابل احترام ہیں اور الزامات کی سیاست نہیں ہونی چاہیے۔ان کے بقول انکوائری کے خوف سے فیصلے نہ کیے جائیں تو ترقیاتی کام رک جاتے ہیں۔اختیارات اور وسائل کی کمی کے حوالے سے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ آج وسائل کہاں سے آ رہے ہیں؟ حکومت کی جانب سے فراہم کردہ فنڈز زا کاؤنٹس میں رکھے گئے، جبکہ گیس کنگ کی مد میں حاصل ہونے والے اربوں روپے بھی اکاؤنٹس میں موجود ہیں۔بعض اکاؤنٹس میں رقم منافع بخش سرٹیفکیٹس میں بھی رکھی گئی، جس کی جانچ ہونی چاہیے۔حافظ نعیم الرحمٰن سے متعلق ایک سوال کے جواب میں میئر کراچی نے کہا کہ حافظ نعیم الرحمٰن پینٹ شرٹ میں اچھے لگ رہے تھے۔

بقیہ نمبر 46 ﴿قوم کی آواز﴾

کھیل وامور نوجوانان حکومت سندھ اور محکمہ بحالی برائے خصوصی افراد کے اشتراک سے منعقد ہوئی۔سکھر: چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ کی کامیاب کھلاڑیوں اور ٹیموں میں ٹرافیاں، میڈلز اور اسناد تقسیم۔سکھر: تین روزہ سندھ اسپیشل گیمز میں سندھ بھر سے 850 خصوصی کھلاڑیوں نے 13 مختلف کھیلوں میں حصہ لیا۔سکھر: جی آر ایس آر سی وی آئی سی سکھر نے جنرل ٹرافی جیت کر پہلی پوزیشن حاصل کرلی، جی ایس آر سی گھوٹکی دوسری اور جی ایس ای آر سی وی آئی سی لاڑکانہ تیسری پوزیشن پر رہی۔سکھر: خصوصی صلاحیتوں کے حامل بچے سندھ کا سرمایہ ہیں، انہیں کھیلوں میں حصہ لینے کے یکساں مواقع فراہم کرنا ضروری ہیں، سید کمیل حیدر شاہ۔سکھر: سندھ اسپیشل گیمز جیسے مقابلوں سے خصوصی بچوں کی حوصلہ افزائی اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے مواقع ملتے ہیں، سید کمیل حیدر شاہ۔سکھر: خصوصی بچوں کی بھرپور حمایت اور حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے، سکھر میں ایسے کھیلوں کے مقابلے آئندہ بھی منعقد کیے جائیں گے، سید کمیل حیدر شاہ۔سکھر: اختتامی تقریب میں سیکریٹری کھیل منور علی مہیسر، ایڈیشنل سیکریٹری ڈاکٹر اسد اسحاق، سیکشن آفیسر علی ڈنو گوپانگ، ڈائریکٹر اسپیشل ایجوکیشن سکھر عبدالقدوس میمن، ڈائریکٹر اسپورٹس سکھر میر محمد کلہوڑو، ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس اخلاق میمن، فوکل پرسن پروفیسر سید رئیس حیدر اور ڈائریکٹر انفارمیشن غلام عباس گورا ہو سمیت دیگر افسران کی شرکت۔

بقیہ نمبر 47 ﴿قوم کی آواز﴾

لاپتا ہوگئیں۔ریسکیو حکام کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر امدادی ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور کارروائی کرتے ہوئے خاتون کی لاش پانی سے نکال لی، جسے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔حکام کا کہنا ہے کہ پانی میں ڈوبنے والی دونوں بچیوں کی تلاش کے لیے ریسکیو آپریشن جاری ہے۔

بقیہ نمبر 48 ﴿قوم کی آواز﴾

انکار پر شہری نے معروف الیکٹرانک کمپنی اور صدر کے ڈیلر کے خلاف کنزیومر کورٹ میں 35 لاکھ روپے ہرجانے کا دعویٰ دائر کر دیا۔متاثرہ شہری یاسر اشفاق نے اپنے وکیل عثمان فاروق کے توسط سے دائر درخواست میں کمپنی اور ڈیلر کو فریق بنایا ہے۔وکیل کے مطابق شہری نے صدر کے ہاشو سینٹر میں واقع دکان سے ایک لاکھ 2 ہزار روپے میں فریج خریدا تھا۔خریداری کی رسید پر وارنٹی کا ذکر موجود تھا، تاہم اسے باقاعدہ وارنٹی کارڈ جاری نہیں کیا گیا۔درخواست گزار کے وکیل کا کہنا ہے کہ فریج خراب ہونے پر کمپنی سے رابطہ کیا گیا تو اس نے متعلقہ دکان کو اپنا مجاز ڈیلر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔شہری نے خراب پروڈکٹ کی فروخت، ذہنی اذیت اور مالی نقصان کے ازالے کے لیے کمپنی اور ڈیلر سے 35 لاکھ روپے ہرجانے کی ادائیگی کا مطالبہ کیا ہے۔وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ صارفین کو گمراہ کرنا اور وارنٹی فراہم نہ کرنا غیر قانونی اقدام ہے۔کنزیومر کورٹ نے فریقین کو آئندہ سماعت پر تحریری جواب جمع کرانے کی ہدایت کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 49 ﴿قوم کی آواز﴾

کے عزم کا اعتراف ہے۔فیصل بینک لمیٹڈ کے صدر اور سی ای او یوسف حسین نے کہا کہ یہ اعزاز ہمارے لیے باعث فخر ہے اور اس اعتماد کا اعتراف ہے جو ہمارے صارفین ہم پر کرتے ہیں۔یہ اعزاز ہمارے ملازمین کی محنت اور لگن کی بھی عکاسی کرتا ہے۔ہم یہ کامیابی اپنے معزز صارفین اور اپنی ٹیموں کے نام کرتے ہیں جن کا جذبہ ہمیں مسلسل آگے بڑھنے کا حوصلہ دیتا ہے۔

بقیہ نمبر 50 ﴿قوم کی آواز﴾

ای ایچ ایس) ایک معتبر ادارہ ہے، جس کی ہنگامی طبی سہولیات کو وسیع پیمانے پر سراہا جاتا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایس آئی ای ایچ ایس کے دفتر کے دورے کے دوران رکن سندھ اسمبلی و بورڈ ممبر ایس آئی ای ایچ ایس محمد قاسم سومرو، چیف ایگزیکٹو آفیسر لطف علی منگریو اور ادارے کی ایگزیکٹو و آپریشنل ٹیم کے افسران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سیکریٹری محکمہ ترقی نسواں سندھ سید ناصر عباس اور دیگر افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔شاہینہ شیر علی نے کہا کہ گھریلو تشدد سے متاثرہ خواتین کے لیے ریفرل نظام کو مزید مؤثر بنانے اور ادارہ جاتی روابط مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ تشدد کا شکار کسی بھی خاتون کو تنہا نہ چھوڑا جائے اور اسے بروقت مدد، تحفظ اور معاونت فراہم کی جا سکے۔قبل ازیں محمد قاسم سومرو اور لطف علی منگریو نے صوبائی وزیر کو ادارے کی کارکردگی اور خدمات کے حوالے سے بریفنگ دی اور ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔انہوں نے بتایا کہ سندھ میں کسی بھی ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے ایس آئی ای ایچ ایس ہمہ وقت تیار ہے اور خواتین کو فوری طبی امداد کی فراہمی میں بھی اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ ادارے کے ذیلی شعبے ریسکیو 1122 کے ذریعے حاملہ خواتین کو اسپتال منتقل کرنے کے دوران اب تک کسی خاتون یا بچے کی موت واقع نہیں ہوئی۔حکام کے مطابق سیکڑوں کیسز میں ریسکیو 1122 کے ایمبولینس عملے کی کوششوں سے ایمبولینس میں ہونے والی تمام زچگیاں نارمل رہیں اور ماؤں اور بچوں کی صحت محفوظ رہی۔

بقیہ نمبر 51 ﴿قوم کی آواز﴾

پر سوالیہ نشان ہے۔ترقیاتی فنڈز کے استعمال کا شفاف آڈٹ اور عوام کو ان کے نتائج سے آگاہ کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ محض اعلانات، افتتاحی تختیوں اور کاغذی منصوبوں سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوں گے۔متعلقہ علاقوں میں قومی اور صوبائی اسمبلیوں کے متعدد نمائندے موجود ہونے کے باوجود عوام بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بی ایچ یو سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص اربوں روپے کے فنڈز کے استعمال اور نتائج کا غیر جانب دارانہ آڈٹ کرایا جائے، جبکہ لاڑکانہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی اور سیہون ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی کارکردگی اور مالی معاملات کا بھی جائزہ لیا جائے۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ سندھ بلڈنگ کنٹرول اتھارٹی سمیت تمام سرکاری اداروں میں افسران کی تعیناتی میرٹ اور اہلیت کی بنیاد پر ہونی چاہیے، بدعنوانی اور اختیارات کے ناجائز استعمال کے الزامات کی شفاف تحقیقات کرکے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔انہوں نے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کو عوامی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا مقصد لسانی یا نسلی تقسیم نہیں بلکہ بہتر انتظامی ڈھانچہ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور عوام کو ان کی دہلیز پر سہولتوں کی فراہمی ہے۔اس معاملے پر شفاف ریفرنڈم یا آئینی طریقہ کار کے ذریعے عوامی رائے معلوم کی جانی چاہیے تاکہ عوام کی خواہشات کے مطابق فیصلہ کیا جاسکے۔سابق گورنر سندھ نے کوہسار میڈیکل کالج حیدرآباد اور لینڈھی میڈیکل کالج B-36 کے منصوبوں کی تکمیل میں تاخیر پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان منصوبوں سے سندھ کے نوجوانوں کو طبی تعلیم کے بہتر مواقع میسر آسکتے ہیں۔حکومت منصوبوں کی موجودہ صورتحال، مختص فنڈز اور تکمیل کی حتمی مدت عوام کے سامنے لائے۔ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ گورنر ہاؤس کو عوامی خدمت، نوجوانوں کی رہنمائی، تربیت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا مرکز ہونا چاہیے۔انہوں نے گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی جانب سے عوامی رابطوں اور نوجوانوں کے لیے اقدامات کو سراہتے ہوئے انہیں مزید مؤثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ملک کی سیاسی صورتحال پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتیں عوامی مسائل کے بجائے اقتدار کی سیاست میں مصروف دکھائی دیتی ہیں، جبکہ مہنگائی، بے روزگاری اور بنیادی سہولتوں کی عدم دستیابی نے عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو سیاسی بیانات کے بجائے عوام کو ریلیف دینے کے لیے عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سمیت تمام سیاسی جماعتوں کو اپنی کارکردگی عوام کے سامنے پیش کرنی چاہیے اور بتانا چاہیے کہ انہوں نے عوامی مسائل کے حل کے لیے کیا عملی اقدامات کیے ہیں۔

بقیہ نمبر 52 ﴿قوم کی آواز﴾

پر 11 ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ، موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور نقدی برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔پولیس کے مطابق فیروز آباد پولیس اور شاہین فورس کا شہید ملت روڈ پر مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے دوران ایک ملزم نعیم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔زخمی ملزم کو جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ایف بی ایریا بلاک 5 میں ندی کے قریب گلبرگ پولیس کے مبینہ مقابلے میں دو ملزمان حنیف اور فہد زخمی حالت میں گرفتار ہوئے۔پولیس نے ان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز اور ایک موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔اسی طرح درخشاں پولیس نے ڈیفنس کے علاقے چھوٹا بخاری میں کارروائی کرتے ہوئے دو مبینہ ڈاکوؤں شرجیل اور سعود کو زخمی حالت میں گرفتار کیا، جبکہ نیو کراچی انڈسٹریل ایریا میں صبا سینما کے قریب مبینہ پولیس مقابلے کے بعد 18 سالہ عادل کو زخمی حالت میں حراست میں لیا گیا۔گلبہار پولیس نے مبینہ مقابلے کے بعد دو ملزمان عبید عرف مچھیل اور امین کو گرفتار کیا، جن میں سے ایک زخمی تھا۔پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے دو پستول، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ادھر کورنگی انڈسٹریل ایریا پولیس نے مہران ٹاؤن میں مبینہ مقابلے کے دوران علی گل نامی ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرکے اسلحہ برآمد کر لیا۔پولیس اور امدادی اداروں کے مطابق زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کر دیا گیا ہے، جبکہ گرفتار ملزمان کے خلاف مزید قانونی کارروائی اور تفتیش جاری ہے۔

آج کا دور علم، تحقیق، جدت اور ٹیکنالوجی کا دور ہے، سید ناصر حسین شاہ

این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقدہ 16ویں بین الاقوامی سول انجینئرنگ کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات، ہاؤسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ حکومت سندھ اعلیٰ تعلیم، تحقیق، جدت اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کو صوبے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کے لیے بنیادی اہمیت دیتی ہے۔ سندھ حکومت سرکاری جامعات کو مالی معاونت، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، تحقیقی منصوبوں اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ کے ذریعے مستحکم بنانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے تاکہ سندھ کے نوجوان بدلتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)





میئر کراچی کا عباسی شہید اسپتال کے نئے بلاک کی او پی ڈی کا افتتاح

خصوصی بچوں کیلئے الگ بلاک بنایا جائے گا، ادویات کی مؤثر فراہمی کا نظام بننے تک خریداری نہیں کروں گا، مرتضیٰ وہاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے عباسی شہید اسپتال کے نئے تعمیر ہونے والے بلاک کی او پی ڈی کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر سٹی کونسل کے اراکین، سینئر ڈائریکٹر میڈیکل سرومز، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میئر کراچی نے کہا کہ عباسی شہید اسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری کے لیے ایک اور اہم قدم اٹھایا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

کراچی میں پولیس مقابلے، 10 زخمیوں سمیت 11 مبینہ ملزمان گرفتار

مختلف علاقوں میں کارروائیاں، گرفتار ملزمان سے اسلحہ، موٹر سائیکلیں، موبائل فونز اور نقدی برآمد کرنے کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس اور مبینہ ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے تبادلوں کے دوران 10 ملزمان زخمی ہوگئے، جبکہ پولیس نے مجموعی طور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

کراچی کے سمندر میں 45 فٹ طویل نایاب اسپرم وہیل کی موجودگی ریکارڈ

پاکستان کی سمندری حدود میں وہیل اور ڈولفن کی 26 اقسام موجود ہیں، ڈبلیو ڈبلیو ایف

کراچی (این این آئی) ڈبلیو ڈبلیو ایف پاکستان نے کراچی کے ساحل کے قریب سمندر میں نایاب اسپرم وہیل کی موجودگی ریکارڈ کر لی ہے، جس کی لمبائی تقریباً 45 فٹ بتائی گئی ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

خصوصی صلاحیتوں کے حامل بچے سندھ کا سرمایہ ہیں، کمیل حیدر شاہ

چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر کی دوسری سندھ اسپیشل گیمز 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت

سکھر (بزنس رپورٹر) چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ کی دوسری سندھ اسپیشل گیمز 2026 کی اختتامی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت، تقریب محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



کراچی میں پانی کے ذخیرے میں ڈوب کر ماں جاں بحق، 2 بچیاں لاپتا

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے دنبہ گوٹھ میں ذخیرہ کیے گئے پانی میں ڈوبنے سے خاتون جاں بحق جبکہ اس کی دو بچیاں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

خراب فریج کی فروخت پر کمپنی اور ڈیلر کے خلاف 35 لاکھ ہرجانے کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) خراب فریج فروخت کرنے اور وارنٹی دینے سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

وافی انرجی کے زیر اہتمام 13 ویں تعمیر ایوارڈز 2026 کی تقریب

پاکستان کی مستقبل کی معاشی ترقی کا انحصار کسی حد تک نوجوان کاروباری افراد پر ہوگا، چیف ایگزیکٹیو آفیسر زبیر شیخ

کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان بھر میں نوجوان کاروباری افراد نت نئے مسائل کے حل اور مواقع پیدا کرنے کے لیے جدت پر مبنی اقدامات کر رہے ہیں ان کی کاوشوں کو سراہنے کے لیے وافی انرجی پاکستان لمیٹڈ (WEPL) کے زیر اہتمام 13 ویں تعمیر ایوارڈز 2026 کی تقریب منعقد ہوئی جس میں ملک بھر سے کاروباری افراد نے شرکت کرتے ہوئے اپنے خیالات اور کاروباری منصوبے پیش کیے، درخواستوں کے جائزے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)





بھارت کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کا دعوت نامہ موصول ہوا ہے، دفتر خارجہ

بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ کے دورہ پاکستان کی اجازت بھارتی حکومت کو دینی ہے، ترجمان کی ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے کہا ہے کہ بھارتی پنجاب کے وزیر اعلیٰ کے دورہ پاکستان کی اجازت بھارتی حکومت کو دینی ہے، بھارت کی جانب سے شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس کا دعوت نامہ موصول ہوا ہے شرکت کا فیصلہ قیادت ادارہ جاتی مشاورت کے بعد کرے گی۔ صحافیوں کو ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد کے سیکریٹری جنرل لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود جلد ریاض میں اپنی ذمہ داریاں سنبھالیں گے، ایران امریکا تنازع پر پاکستان نے ایک مخلص ثالث کی حیثیت سے سہولت کاری فراہم کی اور 47 برس سے ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرنے والے دو ممالک کو ایک چھت تلے مذاکراتی میز پر بٹھایا، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

گلگت بلتستان پاکستان کا اگلا آئی ٹی حب بننے کیلئے تیار: زوہیب خان

پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق، ضمیر عباس، نادیہ اقبال، ڈاکٹر شعیب احمد خان کا بھی اظہار خیال، پاشا کی برٹش کونسل کے تعاون سے تقریب

کراچی (بزنس رپورٹر) گلگت بلتستان میں ایک بڑے انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) مرکز کے طور پر ابھرنے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے، جو نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں اضافے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ یہ بات صنعت سے وابستہ نمائندوں نے گلگت میں منعقدہ ایک فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ پاکستان سافٹ ویئر ہاؤسز ایسوسی ایشن (P@SHA) کے چیپٹر مین، خصوصی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)



فیصل بینک میڈیم سائز بینکوں میں بہترین بینک آف دی ایئر قرار

اعزاز ہمارے ملازمین کی محنت اور لگن کی عکاسی کرتا ہے، صدر و چیف ایگزیکٹیو فیصل بینک لمیٹڈ یوسف حسین کا خصوصی مکالمہ

کراچی (سٹی ڈیسک) فیصل بینک لمیٹڈ نے کی ایف اے سوسائٹی پاکستان کے 23 ویں سالانہ اسٹیلینس ایوارڈز 2026 میں میڈیم سائز بینکوں کی کیٹیگری میں بہترین بازین بینک آف دی ایئر 2025 کا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ یہ ایوارڈ اسلامی بینکاری کے شعبے میں بینک کی شاندار کارکردگی، جدت طرازی، اعلیٰ معیار اور صارفین کی ضروریات کو ترجیح دیتے ہوئے مسلسل ترقی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



خواتین کے تحفظ کیلئے اداروں میں تعاون ضروری ہے، شاہینہ شیر علی

ایس آئی ای ایچ ایس کے دفتر کا دورہ، رکن سندھ اسمبلی محمد قاسم سومرو، چیف ایگزیکٹیو آفیسر لطف علی منگریو سے ملاقات

کراچی (بزنس رپورٹر) صوبائی وزیر برائے ترقی نسواں سندھ شاہینہ شیر علی نے کہا ہے کہ خواتین کے مؤثر اور مضبوط حفاظتی نظام کے قیام کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان روابط اور باہمی تعاون کا فروغ نہایت ضروری ہے۔ سندھ انیگر یٹڈ ایمرجنسی ہیلتھ سروسز (ایس آئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



دیہی سندھ اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز کے باوجود بنیادی سہولتوں سے محروم، کوہسار میڈیکل کالج حیدرآباد اور لینڈھی میڈیکل کالج کے منصوبے مکمل کرنے، گورنر ہاؤس کو عوامی خدمت کا مرکز بنانے کا، ڈاکٹر عشرت العباد خان کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے روحِ رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ دیہی سندھ آج بھی بنیادی سہولتوں سے محروم ہے، اربوں روپے کے ترقیاتی اور فلاحی فنڈز خرچ ہونے کے باوجود عوام کی زندگیوں میں کوئی نمایاں تبدیلی نہیں آئی۔ گورکھ ہل جیسے اہم منصوبے آج تک مکمل طور پر فعال نہیں ہو سکے، جبکہ دادو، خیرپور ناتھن شاہ، جوہی اور میہڑ کی صورتحال حکومتی کارکردگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

International Roundup

ترتیب: علیم نواب خان

تصاویر: نسیم خان

پاکستانی سفیر علم وادب کے قدردان، شفقت علی خان نے پاکستانی پویلین کا افتتاح کیا، کہا شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر شارجہ کی ثقافتی شناخت بن چکا ہے

گگن شاہد، دانیال سلام اور سرمد خان سمیت پاکستانی ناشرین کی شرکت، بک کارنر جہلم، فیروز سنز پرائیویٹ لمیٹڈ اور اردو بکس ورلڈ کی نمائندگی، قدرت اللہ کمپنی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز اور پیراماؤنٹ بکس کے اسٹالز بھی توجہ کا مرکز بنے

شارجہ بک اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹیو احمد بن رکاض العامری سے سفیرِ پاکستان کی ملاقات، شارجہ بک اتھارٹی اور پاکستانی کمیونٹی کے لیے اردو کتب کی دستیابی، ثقافتی روابط اور ادبی اشتراک بڑھانے پر گفتگو

شیخ ایمن حمدی الاکبری نے محی الدین ابن عربی فاؤنڈیشن کی خدمات بتائیں، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی الخیر الکثیر اور اللمحات، مفتی عبدالخالق آزاد رائے پوری کی شروح کے ساتھ اشاعت کو سراہا







شارجہ (رپورٹ/ سرمد خان) متحدہ عرب امارات میں پاکستان کے سفیر شفقت علی خان نے 45 ویں شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر میں پاکستان پویلین کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ یہ عالمی شہرت یافتہ کتابی میلہ 4 سے 15 نومبر 2026ء تک ایکسپو سینٹر شارجہ میں منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں دنیا بھر سے اشاعتی ادارے، مصنفین، ادیب، محققین اور کتابوں سے دلچسپی رکھنے والے افراد شرکت کر رہے ہیں۔ پاکستان کی جانب سے اس اہم عالمی ادبی اور ثقافتی سرگرمی میں شرکت کو ملک کے علمی، ادبی اور ثقافتی ورثے کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانے کی ایک اہم کوشش قرار دیا جا رہا ہے۔ پاکستان پویلین کی افتتاحی تقریب میں پاکستان کے ممتاز اشاعتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر بک کارنر جہلم کے ڈائریکٹر گگن شاہد، فیروز سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ڈائریکٹر دانیال سلام اور اردو بکس ورلڈ کے شریک بانی سرمد خان بھی موجود تھے۔ سفیر پاکستان نے ان نمائندوں سے ملاقات کی اور عالمی سطح پر پاکستانی کتابوں، مصنفین اور اشاعتی اداروں کی نمائندگی کو سراہا۔ پاکستان پویلین میں اردو اور انگریزی زبانوں میں شائع ہونے والی مختلف موضوعات کی کتابیں نمائش کے لیے رکھی گئی ہیں۔ ان مطبوعات میں شاعری، ناول، بچوں کی کہانیاں، تعلیمی و تحقیقی کتابیں، تاریخ، ثقافت اور دیگر علمی موضوعات پر مبنی تصانیف شامل ہیں۔ اس متنوع انتخاب کا مقصد مختلف زبانوں اور موضوعات میں پاکستانی ادب کی وسعت، علمی صلاحیت اور تخلیقی کام کو عالمی قارئین کے سامنے پیش کرنا ہے۔ افتتاح کے بعد سفیر پاکستان نے پاکستانی ناشرین کے مختلف اسٹالز کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کتابوں اور اشاعتی سرگرمیوں میں خصوصی دلچسپی ظاہر کی۔ ان اسٹالز میں قدرت اللہ کمپنی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز اور پیراماؤنٹ بکس کے اسٹالز نمایاں تھے۔ انہوں نے ناشرین سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستانی کتابوں کی بیرون ملک تشہیر، اشاعت کے فروغ اور بین الاقوامی قارئین تک رسائی کی اہمیت پر زور دیا۔ سفیر پاکستان شفقت علی خان نے پاکستان پویلین کے منتظمین اور تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شارجہ علم، تعلیم، ادب اور ثقافت کے فروغ کے حوالے سے ایک نمایاں عالمی مرکز کی حیثیت اختیار کر چکا ہے۔ شارجہ انٹرنیشنل بک فیئر بھی شہر کی ثقافتی شناخت کا ایک اہم اور امتیازی نشان بن چکا ہے، جو دنیا بھر کے مصنفین، ناشرین، محققین اور قارئین کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرتا ہے۔ انہوں نے متحدہ عرب امارات میں مقیم پاکستانیوں، بالخصوص شارجہ کی پاکستانی کمیونٹی پر زور دیا کہ وہ اس کتابی میلے میں بھرپور شرکت کریں، پاکستانی پویلین کا دورہ کریں اور کتابوں و مطالعے سے اپنا تعلق مزید مضبوط بنائیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کتابیں معاشروں میں علم، شعور اور مثبت سوچ کے فروغ کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ حکومتِ پاکستان اور سفارت خانہ پاکستان مستقبل میں بھی بین الاقوامی کتابی میلوں میں پاکستان کی شرکت کو مزید مؤثر اور فعال بنانے کے لیے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔ دورے کے دوران سفیرِ پاکستان نے شارجہ بک اتھارٹی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر احمد بن رکاض العامری سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان اور شارجہ کے درمیان ادبی، علمی اور ثقافتی تعاون کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفیرِ پاکستان نے ثقافت، تعلیم اور علم کے فروغ کے لیے شارجہ کی نمایاں کامیابیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیاں مختلف معاشروں اور قوموں کو ایک دوسرے کے قریب لانے، باہمی سمجھ بوجھ بڑھانے اور ثقافتی روابط مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ احمد بن رکاض العامری نے بھی پاکستان اور شارجہ کے درمیان ادبی و ثقافتی تعاون کو فروغ دینے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے شارجہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کتابوں، خصوصاً اردو زبان کی مطبوعات کی دستیابی میں اضافے کی ضرورت اجاگر کی۔ ان کا کہنا تھا کہ مختلف زبانوں میں کتابوں کی فراہمی سے متنوع ثقافتوں کے درمیان روابط کو مضبوط بنانے اور مطالعے کے رجحان کو فروغ دینے میں مدد ملتی ہے۔ اپنے دورے کے آخری مرحلے میں سفیرِ پاکستان نے محی الدین ابن عربی فاؤنڈیشن کے اسٹال کا بھی دورہ کیا، جہاں فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر شیخ ایمن حمدی الاکبری نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے سفیرِ پاکستان کو اسلامی علمی ورثے کے تحفظ، قدیم علمی متون کی اشاعت اور بنیادی اسلامی تصانیف کو وسیع تر قارئین تک پہنچانے کے لیے فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں اور منصوبوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر سفیرِ پاکستان نے فاؤنڈیشن کی جانب سے برصغیر کے ممتاز اسلامی مفکر اور عالمِ دین شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کی تصانیف ''الخیر الکثیر'' اور ''اللمحات'' کی اشاعت کا خصوصی خیر مقدم کیا۔ ان کتابوں کی شروح پاکستانی عالمِ دین مفتی عبدالخالق آزاد رائے پوری نے تحریر کی ہیں۔ سفیرِ پاکستان نے اس علمی کاوش کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ اسلامی علمی ورثے کی حفاظت، تحقیق اور اشاعت نہ صرف علمی حلقوں بلکہ نئی نسلوں کے لیے بھی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔

